ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com

روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: عمر خیام

جلد 04 | جمعرات 04 ستمبر 2025، 10 ربیع الاول 1447، 20 بھادوں 2081 | صفحات 04/ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 133

تجوید القرآن ٹرسٹ کا اجلاس، قراء/ قاریات کی تنخواہوں میں 5000 روپے اضافہ

مجموعی طور پر 7500 روپے اضافے کی منظوری دی گئی، 10 انسپکٹرز کی پوسٹوں کے اضافے کی بھی منظوری، ضرورت کی بنیاد پر نئے مدارس کے قیام کا فیصلہ، اجلاس میں متعدد اہم فیصلے

تجوید القرآن ٹرسٹ کا قیام 1965 میں عمل میں لایا گیا، ٹرسٹ کے زیر انتظام 1977 مدارس کام کر رہے ہیں جن میں مختلف مکتبہ فکر کے مستند قراء/ قاریات متعین ہیں، شرکاء کو بریفنگ

اسلام آباد(پی آئی ڈی) آزاد جموں وکشمیر تجوید القرآن ٹرسٹ کا اجلاس وزیراعظم آزاد کشمیر/ شریک چیئرمین ٹرسٹ چوہدری انوار الحق کی زیر صدارت جموں کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں ہوا۔ وزیر مذہبی امور و اوقاف احمد رضا قادری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اجلاس میں مظفرآباد سے ویڈیو لنک کے ذریعے وائس چیئرمین ٹرسٹ سپیکر قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر، پرنسپل سیکرٹری ظفر محمود خان، سیکرٹری مالیات اسلام زیب، سیکرٹری صدارتی امور شاہد ایوب، سیکرٹری مذہبی امور عامر محمود مرزا، ممبر علماء ومشائخ مولانا امتیاز صدیقی، ناظم اعلیٰ حسابات کامران رشید خان اور ناظم مذہبی امور حافظ نذیر قادری نے شرکت کی۔ اجلاس میں قراء/ قاریات کی تنخواہوں میں 5000 روپے اضافے کی منظوری دی گئی جبکہ مقامی کمیٹی بھی 2500 روپے کا اضافہ کرے (بقیہ 14 صفحہ 03)

اسلام آباد: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق سے راجہ وحید و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

مظفرآباد، پہلے ویمن سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک کا افتتاح

مجوزہ 11 ٹیکنالوجی پارکس میں سے آٹھویں پارک کی تکمیل کا عمل مکمل

مظفرآباد(پی آئی ڈی) ڈائریکٹر جنرل ایس سی او میجر جنرل عمر احمد شاہ نے فاطمہ جناح پوسٹ گریجویٹ کالج مظفرآباد میں پاکستان کے پہلے ویمن سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر وزیراعظم کی کوارڈینیٹر محترمہ آسیہ اندرابی، سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی آزاد کشمیر راشد حنیف، اسٹیشن کمانڈر مظفرآباد، سیکٹر کمانڈر ایس سی او آزاد کشمیر، ڈی پی آئی کالجز، کمانڈنگ افسر (بقیہ 13 صفحہ 03)

جموں میں انتہائی خراب موسمی حالات، تمام سکول اور کالج بند

ڈویژن کے تمام سکول اور کالجز بند رہیں گے، لوگوں کو گھروں کے اندر رہنے کی ہدایت کی گئی ہے

یہ فیصلہ طلباء اور عملے کی حفاظت کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے، ڈویژنل کمشنر کشمیر کی میڈیا کو بریفنگ

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں انتہائی خراب موسمی حالات کے پیش نظر احتیاطی اقدام کے طور پر کشمیر ڈویژن کے تمام سکول اور کالج آج بند رہیں گے۔ ڈویژنل کمشنر کشمیر کی طرف سے اس حوالے سے جاری کیے گئے نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے یہ فیصلہ طلباء اور عملے کی حفاظت کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔ لوگوں کو گھروں کے اندر رہنے اور موسمی ہدایات پر عمل کرنے کی ہدایت، یہ بندش سرکاری اور نجی اداروں دونوں پر لاگو ہوگی۔ حکام (بقیہ 12 صفحہ 03)

کمپیوٹرائزڈ انتخابی فہرستیں

تیاری کا عمل شروع

آزاد جموں وکشمیر میں کمپیوٹرائزڈ الیکٹورل رول سسٹم کی تنصیب کے لیے بزنس ریکوائرڈ ڈاکومنٹس کے مسودہ کی حتمی منظوری، دس ضلعی اور چار دیگر دفاتر میں اس کی تنصیب کا فیصلہ

سسٹم کے فعال ہوتے ہی انتخابی فہرستوں کی تیاری، نئے ووٹرز کا اندراج، اخراج، تبدیلی اور درستگی وغیرہ سے متعلق جدید ترین ٹیکنالوجی کی مدد سے انجام پذیر ہونا شروع ہو جائیں گے

مظفرآباد(پی آئی ڈی) آزاد جموں وکشمیر میں کمپیوٹرائزڈ الیکٹورل رول سسٹم کی تنصیب کے لیے بزنس ریکوائرڈ ڈاکومنٹس کے مسودہ کی حتمی منظوری دے دی گئی۔ مسودہ کی منظوری آج یہاں منعقد ہونے والے ایک اجلاس میں دی گئی جس کی صدارت ممبر الیکشن کمیشن سید ظہیر الحسن گیلانی نے کی۔ اجلاس میں الیکشن کمیشن کی نمائندگی سیکرٹری الیکشن کمیشن راجہ محمد شکیل خان، ناظم تعلقات عامہ راجہ امجد حسین منہاس، انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی نمائندگی نائب ناظم انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ ندیم تاج اور نادرا کی نمائندگی ڈائریکٹر پروجیکٹس نادرا محمد زاہد نے کی جبکہ اس موقع پر ہر تین اداروں کے متعلقہ اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس میں گزشتہ ماہ نادرا ہیڈکوارٹر اسلام آباد میں ہر تین اداروں کے درمیان دستخط ہونے والے تاریخی معاہدے کی روشنی میں آزاد جموں و (بقیہ 16 صفحہ 03)

افغانستان، زلزلے سے اموات کی تعداد 1411 ہوگئی

لوگ منہدم ہونیوالے گھروں کے ملبے کے نیچے دبے ہوئے ہیں

کابل (صباح نیوز) افغانستان میں قیامت خیز زلزلے سے اموات کی تعداد بڑھ کر 1411 تک پہنچ گئی۔ افغان حکومت کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کے مطابق زلزلے سے ہزاروں افراد متاثر ہوئے ہیں، زلزلے میں 3251 افراد زخمی جبکہ 8 ہزار سے زائد گھر مکمل تباہ ہو چکے ہیں۔ افغان سرکاری میڈیا کے مطابق سب سے زیادہ جانی و مالی نقصان کنڑ میں ہوا ہے، بہت سے لوگ ابھی تک اپنی چھتوں (بقیہ 17 صفحہ 03)

خودکش حملے میں جانی ومالی نقصان

پر اظہار و افسوس

اسلام آباد، (صباح نیوز) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کوئٹہ میں بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کے جلسے پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا (بقیہ 18 صفحہ 03)

علی گیلانی کی خدمات کو قوم کبھی نہیں بھول سکتی، سردار یعقوب

تحریک آزادی کشمیر کے لیے اپنی ساری زندگی وقف کر دی، شاندار خدمات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

علی گیلانی کے ادھورے مشن کی تکمیل تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے اور تکمیل پاکستان تک کوشاں رہیں گے

راولپنڈی (دھرتی نیوز) سابق صدر و وزیر اعظم آزاد جموں وکشمیر پارلیمانی لیڈر پاکستان پیپلز پارٹی ممبر قانون ساز اسمبلی سردار محمد یعقوب خان نے کہا ہے سید علی گیلانی کی خدمات کو کشمیری قوم کبھی نہیں بھول سکتی انہوں نے تحریک آزادی کشمیر کے لیے اپنی ساری زندگی وقف کر دی، ان کی شاندار خدمات پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، کشمیری سید علی گیلانی کے ادھورے مشن کی تکمیل تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے اور تکمیل پاکستان تک کوشاں رہیں گے، انہوں نے مزید کہا کہ کشمیریوں نے لازوال قربانیاں دی ہیں، اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کو حل کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں (بقیہ 20 صفحہ 03)

نبی کریم ﷺ کا راستہ ہمیں کامیابی عطا کرتا ہے، عتیق خان

نوجوانوں کو سیرت النبی سے روشنی حاصل کرنی چاہیے، صدر مسلم کانفرنس

دھیرکوٹ (صباح نیوز) صدر مسلم کانفرنس و سابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان نے اپنے دورہ جات کے دوران دھیرکوٹ، غازی آباد اور چنکوٹ میں مختلف تقریبات اور ملاقاتوں میں شرکت کی۔ دھیرکوٹ میں سردار عتیق احمد خان نے ٹھیکیدار سردار شاہد عباسی کی رہائش گاہ پر منعقدہ محفل میلاد شریف میں شرکت کی، جہاں مقامی معززین اور عوام نے ان کا پرجوش استقبال کیا۔ محفل (بقیہ 21 صفحہ 03)

سیلابی صورتحال، 2 ٹرینیں معطل

کردیں

اسلام آباد(صباح نیوز) پاکستان ریلوے نے ملک بھر میں حالیہ مون سون بارشوں اور سیلابی صورت حال کے باعث 2 ٹرینیں معطل کر دیں۔ ترجمان ریلوے کے مطابق پاکستان ریلوے نے مسافروں کی کم تعداد کے باعث 2 ٹرینیں (بقیہ 22 صفحہ 03)

ڈویژنل آفیسران کا اجلاس، ترقیاتی منصوبہ جات کا جائزہ لیا گیا

اجلاس کی صدارت کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمن نے کی، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ریجن سردار ظہیر احمد کی شرکت

ڈویژنل آفیسران اپنے ماتحت دفاتر میں حاضری کو یقینی بنائیں، عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں، کمشنر

راولاکوٹ (پی آئی ڈی) کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمن کی زیر صدارت ڈویژنل آفیسران کا اجلاس کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا جس میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ریجن سردار ظہیر احمد بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ڈویژن بھر کے ترقیاتی منصوبہ جات کی پیش رفت، منصوبوں کی بروقت تکمیل، سروس ڈیلیوری کو مؤثر بنانے اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر پونچھ مسعود الرحمن اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ریجن سردار ظہیر احمد نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی سہولیات کے منصوبہ جات کی معیاری اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا (بقیہ 23 صفحہ 03)

علی گیلانی جرات کی عظیم، علامت تھے، عامر الطاف خان

ان کا مشن جاری رہے گا، آزادی کا سورج بھی جلد طلوع ہوگا، خطاب

اسلام آباد(صباح نیوز) وزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن و سینئر مرکزی رہنما سردار عامر الطاف خان نے کہا ہے کہ کشمیر صرف کشمیریوں کا ہے اور اب بھارت کے ظلم جبر اور غاصبانہ تسلط کے خلاف کاؤنٹ ڈاؤن شروع ہو چکا ہے کشمیری عوام نے دہائیوں سے قربانیاں دے کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ آزادی کے لیے پرعزم ہیں اور پاکستان سے ان کی محبت ناقابل شکست ہے۔ اسلام آباد میں ایک تقریب سے (بقیہ 24 صفحہ 03)

لوئر کرم، گاڑی پر فائرنگ، 5 افراد

جاں بحق

لوئر کرم (صباح نیوز) لوئر کرم میں مسافر گاڑی پر نامعلوم افراد کے حملے میں 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق لوئر کرم میں مسافر گاڑی پر نامعلوم افراد کی جانب سے حملہ کیا گیا، مسافر گاڑی پر فائرنگ سے 5 افراد جاں (بقیہ 25 صفحہ 03)

مون سون بارشوں کا 09 واں سلسلہ شروع، الرٹ جاری کر دیا

6 ستمبر سے ملک کے جنوبی علاقوں بشمول جنوبی پنجاب اور جنوبی سندھ میں بارشوں کا نیا سلسلہ شروع ہوگا

ملک کے جنوبی علاقوں بشمول جنوبی پنجاب اور جنوبی سندھ میں بارشوں کا امکان ہے، ترجمان این ڈی ایم اے

اسلام آباد(صباح نیوز) قدرتی آفات سے نمٹنے کے قومی ادارے این ڈی ایم اے نے کہا ہے کہ مون سون کا نواں سلسلہ اگلے 24 سے 48 گھنٹوں تک مزید جاری رہنے کا امکان ہے۔ 9ویں سلسلے میں ملک کے بالائی علاقوں مزید بارشوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اس سلسلے کے زیر اثر 6 ستمبر سے ملک کے جنوبی علاقوں بشمول جنوبی پنجاب اور جنوبی سندھ میں بارشوں کا امکان ہے۔ ترجمان این ڈی ایم اے کے مطابق مون سون کا نواں سلسلہ (تفصیل) اگلے 24 سے 48 گھنٹوں تک مزید جاری رہنے کا امکان اگلے 24 سے 48 گھنٹوں کے دوران ملک کے بالائی علاقوں مزید بارشوں کا (بقیہ 26 صفحہ 03)

ملک بھر کے 99 مخصوص اضلاع میں پولیو مہم جاری

دو روز میں ملک بھر میں 37 فیصد بچوں کی ویکسینیشن مکمل کر لی گئی

اسلام آباد(صباح نیوز) ملک بھر کے 99 مخصوص اضلاع میں پولیو مہم تیسرے روز بھی جاری ہے، دو روز میں ملک بھر میں 37 فیصد بچوں کی ویکسینیشن مکمل کر لی گئی۔ نیشنل ای او سی نے خصوصی انسداد پولیو مہم کی تازہ صورت حال جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق ملک بھر کے 99 مخصوص اضلاع میں پولیو مہم تیسرے روز بھی جاری ہے، پولیو مہم کے ابتدائی دو روز میں ملک (بقیہ 19 صفحہ 03)

کامسٹیک اور رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی میں معاہدے پر دستخط

دستخط کی یہ تقریب کامسٹیک ہیڈکوارٹرز میں منعقد ہوئی، پریس ریلیز

اسلام آباد(صباح نیوز) او آئی سی کی قائمہ کمیٹی برائے سائنسی و تحقیقی تعاون (کامسٹیک) اور رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے درمیان تعلیم، سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے ایک مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔ دستخط کی یہ تقریب کامسٹیک ہیڈکوارٹرز میں منعقد ہوئی۔ یہ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کامسٹیک کے کوآرڈینیٹر جنرل پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال (بقیہ 32 صفحہ 03)

سیکرٹری بہبود آبادی وجاہت رشید بیگ کا دورہ راولاکوٹ

محکمانہ کارکردگی کو بہتر بنانے اور سروس ڈیلیوری کو بڑھانے کی ہدایت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سیکرٹری بہبود آبادی وجاہت رشید بیگ نے راولاکوٹ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ضلعی آفیسر بہبود آبادی سرفراز احمد نے سیکرٹری صاحب کو محکمانہ امور اور اہداف کے حصول کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ کوارڈینیٹر بہبود آبادی ڈاکٹر اشفاق میر بھی سیکرٹری بہبود آبادی کے ہمراہ تھے۔ سیکرٹری بہبود آبادی نے بعد ازاں تمام سنٹرز انچارج سے خطاب کرتے (بقیہ 31 صفحہ 03)

سیلاب سے متاثرہ 49 گرڈ اور 222 مکمل بحال

459921 صارفین کیلئے بجلی بحال کر دی گئی، دیگر کے کوشش جاری

اسلام آباد(صباح نیوز) سیلاب سے متاثرہ 49 گرڈ اور 487 متاثرہ فیڈرز میں سے 222 کو مکمل اور 127 کو عارضی طور پر بحال کر دیا گیا، 1607311 متاثرہ صارفین میں سے 1266928 صارفین کیلئے بجلی بحال کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ 30 صفحہ 03)

موسمیاتی تبدیلی سنگین چیلنج بن کر ابھری ہے، رضوان سعید شیخ

پاکستان موسمی تغیراتی تبدیلیوں کا شکار ہونے والا سب سے بڑا ملک ہے

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکہ میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کا عمل پوری دنیا کے لئے ایک سنگین چیلنج بن کر ابھرا، پاکستان کا شمار ماحولیاتی آلودگی میں کم ترین حصہ ڈالنے والے ممالک میں ہوتا ہے تاہم آبادی کے اعتبار سے پاکستان موسمی تغیراتی (بقیہ 29 صفحہ 03)

پاکستانی آموں کی برآمدات محفوظ بنانے کیلئے اقدامات

زرعی اجناس کی برآمد میں لاگو قوانین پر سختی سے عملدرآمد جاری

اسلام آباد(صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ زرعی اجناس کی بین الاقوامی تجارت میں سینیٹری اور فائٹو سینیٹری (SPS) قوانین (بقیہ 28 صفحہ 03)

بھارت، مون سون بارشوں کے باعث تباہی کا سلسلہ جاری

ریاست پنجاب کے 12 اضلاع میں سینکڑوں مکانات اور سڑکیں زیر آب

نئی دہلی (صباح نیوز) بھارت کی شمالی ریاستوں میں مون سون بارشوں کے باعث تباہی، ریڈ الرٹ جاری کر دیا گیا۔ ریاست پنجاب، ہماچل پردیش، دہلی، اترپردیش اور اتراکھنڈ بارشوں سے شدید متاثر ہیں۔ بھارتی ریاست پنجاب کے 12 اضلاع میں سینکڑوں مکانات اور (بقیہ 27 صفحہ 03)

تکلیف اس مافیا کو ہے جسے گردن سے پکڑا ہے، وزیراعظم

گڈ گورننس کے فروغ، میرٹ کی بالادستی اور ترقیاتی منصوبوں میں پسماندہ علاقوں کو ترجیح دی گئی ہے

میں کوئی کامل شخصیت کا دعویٰ تو نہیں کرتا مگر خود کو آئین و قانون کے مطابق رکھا ہے، وفود سے بات چیت

اسلام آباد(پی آئی ڈی) 3 ستمبر 2025 آزاد جموں وکشمیر کے وزیراعظم چوہدری انوار الحق سے کسگمہ کے عمائدین و ڈسٹرکٹ کونسلر راجہ فاروق اقبال، وائس چیئرمین یوسی کسگمہ ملک اشفاق احمد، راجہ محمد صفدر، چوہدری محمد اسلم، راجہ ظہیر اقبال اور راجہ عرفان خان ملاقات کی۔ وزیراعظم سے ممبر ضلع کونسل چھتیری پرویز خان، ممبر یونین کونسل چھتیری غضنفر حیات، راجہ خالد حنیف، حفیظ الرحمن، راجہ زاہد گکھڑ، راجہ زاہد، راجہ گوہر خادم اور باؤ طارق اور دیگر نے ملاقات کی۔ دوران اثناء وزیراعظم سے وائس چیئرمین یونین کونسل سیکر چوہدری ارشد، ماسٹر فاروق، ماسٹر اکبر، حاجی رزاق، چوہدری ضیاء، (بقیہ 15 صفحہ 03)

مظفرآباد: ممبر آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن سید ظہیر حسین گیلانی کمپیوٹرائزڈ الیکٹرول سسٹم بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بیجنگ، جنگ عظیم دوم کی 80ویں سالگرہ، فوجی پریڈ کا انعقاد

چین کے صدر نے پریڈ کیلئے آئے مہمانوں کا استقبال کیا، ایٹمی ہتھیاروں سمیت جدید فوجی ٹیکنالوجی کی نمائش

عوام امن کے لیے پرعزم اور تاریخ کے درست رخ پر کھڑے ہیں، صدر شی جن پنگ کا پریڈ کے شرکاء سے خطاب

بیجنگ (صباح نیوز) جنگ عظیم دوم میں جاپان کی شکست کی 80ویں سالگرہ پر چین میں قومی تاریخ کی سب سے بڑی اور شاندار فوجی پریڈ کا انعقاد کیا گیا، تیانمن اسکوائر پر ہونے والی تاریخی پریڈ میں وزیراعظم شہباز شریف نے شرکت کی جبکہ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن، شمالی کوریا کے رہنما اور ایران کے صدر مسعود پزشکیان سمیت 26 ممالک کے نمائندے بھی پریڈ میں شریک ہوئے۔ اس تقریب میں بھارت کے وزیراعظم نریندر مودی کو شرکت (بقیہ 33 صفحہ 03)

وزیراعظم پاکستان کا بیجنگ میں آنزن ہسپتال کا دورہ

جدید ٹیکنالوجی اور بہترین خدمات کی فراہمی پر بھرپور خراج تحسین

بیجنگ (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بیجنگ میں آنزن ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال میں موثر نظام، جدید ٹیکنالوجی اور بہترین خدمات کی فراہمی کو سراہا۔ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ہسپتال کے دورے کے دوران وزیراعظم کو ہسپتال (بقیہ 34 صفحہ 03)

کشمیری مسلمانوں کی جبری بے دخلی

کا خطرہ

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارت کی شمال مشرقی ریاست آسام میں بنگالی نژاد مسلمانوں کے خلاف ریاستی سرپرستی میں جاری بے دخلی مہم کی طرح مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھی (بقیہ 35 صفحہ 03)

جی ایچ کیو حملہ سمیت 12 مقدمات کی سماعت ملتوی ہوگئی

جج امجد علی شاہ کی میڈیکل رخصت کے باعث تمام کیسز ملتوی

راولپنڈی (صباح نیوز) سانحہ 9 مئی اور جی ایچ کیو حملہ سمیت 12 اہم مقدمات کی سماعت انسداد دہشت گردی کی عدالت میں ہونا تھی تاہم جج امجد علی شاہ کی میڈیکل رخصت کے باعث تمام کیسز بغیر کسی کارروائی کے 17 ستمبر تک ملتوی کر دیئے گئے۔ عدالت کی جانب سے (بقیہ 37 صفحہ 03)

جنیوا میں 50 ہزار افراد سڑکوں پر آ

گئے

جنیوا(صباح نیوز) اٹلی کے شہر جنیوا میں 50 ہزار افراد غزہ کا محاصرہ توڑنے کے لیے روانہ ہونے والے فریڈم فلوٹیلا (بقیہ 36 صفحہ 03)

عارضی و کنٹریکٹ ملازمین کا 8 ستمبر کو احتجاجی دھرنے کا اعلان

ملازمین نے اپنے مطالبات کی منظوری کے لیے 8 ستمبر کے احتجاجی دھرنے کے حوالے سے رابطہ تیز کر دیے

دھوکے میں نہیں آئینگے، ماضی میں بھی ہمارے ساتھ جھوٹے وعدے کر کے احتجاج ختم کروائے جاتے رہے، مقررین

مظفرآباد(صباح نیوز) عارضی و کنٹریکٹ ملازمین کی جانب سے اپنے جائز مطالبات کی منظوری کے لیے 8 ستمبر کے احتجاجی دھرنے کے حوالے سے ملازمین نے رابطہ تیز کر دیے۔ بھمبر سے لے کر تاؤبٹ تک تمام عارضی و کنٹریکٹ ملازمین 8 ستمبر کو اپنے حقوق کے لیے سڑکوں پر نکلیں گے اور تک دھرنا جاری رکھنے کا اعلان کرتے ہیں۔ مظفرآباد میں مرکزی کوآرڈینیشن کمیٹی روزگار بچاؤ تحریک عارضی و کنٹریکٹ ملازمین کا اجلاس (بقیہ 38 صفحہ 03)

دستی بم برآمدگی کیس، گرفتار افغان شہری کی درخواست خارج

کون گارنٹی دیگا کہ وہ رہائی کے بعد افغانستان فرار نہیں ہوگا، چیف جسٹس

اسلام آباد(صباح نیوز) سپریم کورٹ آف پاکستان نے دستی بم برآمدگی کیس میں گرفتار افغان شہری ایوزالمعروف عمری کی جانب سے دائر درخواست ضمانت بعد از گرفتاری خارج کر دی۔ چیف جسٹس نے اقدام قتل کیس میں ملزم شمشاد احمد عرف بلال کی جانب سے دائر درخواست ضمانت قبل از (بقیہ 40 صفحہ 03)

راجہ مشتاق باسط کیانی کی ہمشیرہ

محترمہ کی وفات پر اظہار تعزیت

اسلام آباد(پی آئی ڈی) آزاد جموں وکشمیر کے وزیر لوکل گورنمنٹ و دیہی ترقی راجہ فیصل ممتاز راٹھور نے ہائی شالی سے پرنسپل(ر) راجہ مشتاق باسط کیانی کی ہمشیرہ محترمہ کی وفات پر (بقیہ 39 صفحہ 03)

غزہ میں جاری نسل کشی کیخلاف اقدامات کیے جائیں، حماس

اقوام متحدہ اسرائیل کو دہشتیانہ کارروائیوں سے روکیں، میڈیا کو بیان

غزہ (صباح نیوز) اسلامی تحریک مزاحمت (حماس) نے کہا ہے کہ غزہ میں جاری نسل کشی کیخلاف موثر اقدامات کیے جائیں۔ حماس نے اپنے بیان میں قابض اسرائیلی فوج پر الزام لگایا کہ وہ غزہ شہر کے رہائشی علاقوں میں منظم تباہی کے ذریعے نسل کشی اور نسلی صفایا کر رہی ہے۔ بیان میں (بقیہ 42 صفحہ 03)

کالاباغ ڈیم پر علی امین گنڈاپور کا

بیان پارٹی پالیسی نہیں

راولپنڈی(صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ کالاباغ ڈیم پر علی امین گنڈاپور کا بیان پارٹی پالیسی نہیں، ذاتی رائے ہو سکتی ہے، لاہور میں ایم پی اے (بقیہ 41 صفحہ 03)

مظفرآباد بنیان المرصوص نیشنل بیڈمنٹن چیمپئن شپ کا انعقاد

چیمپئن شپ آزاد جموں وکشمیر بیڈمنٹن ایسوسی، محکمہ سپورٹس یوتھ اینڈ کلچر و افواج پاکستان کے اشتراک سے منعقد

ایونٹ کا افتتاحی کوٹلی اور پونچھ کی ٹیموں کے مابین کھیلا گیا، سیکرٹری سپورٹس نے کھلاڑیوں میں شرٹس تقسیم کیں

مظفرآباد(پی آئی ڈی) آزاد جموں وکشمیر بیڈمنٹن ایسوسی، محکمہ سپورٹس یوتھ اینڈ کلچر کے زیر اہتمام افواج پاکستان کے اشتراک سے "بنیان المرصوص نیشنل بیڈمنٹن چیمپئن شپ" کا آغاز ہو گیا۔ پاک افواج کے مقامی بریگیڈ کمانڈر بریگیڈیئر محمد قیصر نے چیمپئن شپ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری حکومت سردار عدنان خورشید، افسر یعقوب، چیئرمین یوتھ محمد نعیم خان، سیکرٹری داخلہ و صدر آزاد جموں وکشمیر بیڈمنٹن ایسوسی ایشن راجہ طاہر ممتاز خان، مئیر مظفرآباد سکندر نثار گیلانی، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس ملک شوکت حیات سمیت اپنی کمشنر مدثر فاروق، سرکاری افسران، بیڈمنٹن پلیئرز و دیگر بھی موجود تھے۔ نیشنل بیڈمنٹن چیمپئن (بقیہ 43 صفحہ 03)

مظفرآباد: آزاد جموں وکشمیر بیڈمنٹن ایسوسی، محکمہ سپورٹس یوتھ اینڈ کلچر کے زیر اہتمام افواج پاکستان کے اشتراک سے "بنیان المرصوص نیشنل بیڈمنٹن چیمپئن شپ میں کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ
شہر..... شہر.... قریہ.... قریہ.... کی خبریں

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
مصطفیٰ ﷺ کی آمد مرحبا
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
منجانب
عوامی بیکرز اینڈ سویٹس
نزد سلطانیہ باربی کیو بالمقابل پونچھ ویلی ہوٹل اولڈ پولیس لائن راولاکوٹ آزاد کشمیر
اقبال احمد
محمد ارشاد
ذکریا اقبال

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
مصطفیٰ ﷺ کی آمد مرحبا
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
منجانب
انتظامیہ
سٹارز سائنس کالج اینڈ اکیڈمی
راولاکوٹ کیمپس
ڈائریکٹر: شاہد اسلم 0341-9444397

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
مصطفیٰ ﷺ کی آمد مرحبا
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
منجانب
فریشکو بیکرز اینڈ سویٹس
مین برانچ سپلائی بازار راولاکوٹ
آپ کا اعتماد ہی ہمارے معیار کی جیت ہے
شادی، بیاہ اور دیگر تقریبات کے لئے مال آرڈر پر تیار کیا جاتا ہے
راجہ مشعف فیاض
0345-4210551
ہمارے ہاں بیکرز اور سویٹس کی اعلیٰ ورائٹی دستیاب ہے

ہجیرہ ہونہار طالبہ کنزہ اکرم نے ایم فل تھیسز کامیاب دفاع کرلیا

کنزہ اکرم نے پونچھ یونیورسٹی، آزاد کشمیر میں ایم فل کی ڈگری کے لیے اپنا تحقیقی مقالہ کامیابی سے دفاع کیا

کامیابی پر ان کے والدین، اساتذہ، عزیز و اقارب اور اہل علاقہ میں خوشی کی لہر، مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) علم کے میدان میں ایک اور کامیابی! یونین کونسل گھیر کا سوزہ، تحصیل ہجیرہ سے تعلق رکھنے والی ہونہار طالبہ کنزہ اکرم نے پونچھ یونیورسٹی، آزاد کشمیر میں ایم فل کی ڈگری کے لیے اپنا تحقیقی مقالہ کامیابی سے دفاع کر لیا۔ کنزہ اکرم کا تحقیقی موضوع 'AnalysisElemental UsingFeedBroilerSelectedof BreakdownInducedLaser "Spectroscopy" تھا جو ایک جدید اور سائنسی اہمیت کا حامل موضوع ہے۔ اس تحقیق کا مقصد مرغی کے (بقیہ 01 صفحہ 03)

پنجاب، جشن میلاد النبی ﷺ کے اہتمام بارے ہدایات

جشن میلاد ا پر سرکاری و نجی اسکولوں میں محافل منعقد ہونگی، مراسلہ

لاہور (صباح نیوز) محکمہ داخلہ پنجاب نے جشن میلاد النبی ﷺ کے اہتمام (بقیہ 08 صفحہ 03)

چناری، طالب علم کی خودکشی کا واقعہ، انکوائری کمیٹی تشکیل

سیکرٹریٹ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے معاملہ کا نوٹس لے لیا

چناری (خصوصی رپورٹر) سیکرٹریٹ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق جہلم ویلی کے نجی تعلیمی ادارے (بقیہ 07 صفحہ 03)

سب ڈویژنل ہیڈکوارٹر چکار میں شارٹ سرکٹ کے باعث آتشزدگی

بیکری، ایک کارخانہ معہ سامان جل کر خاکستر، کروڑوں روپے مالیت کا نقصان، مقامی لوگوں کا ریسکیو آپریشن

اگر چکار میں فائر بریگیڈ کی گاڑیاں موجود ہوتی تو بیکری اور کارخانہ کو بھی جلنے سے بچایا جا سکتا تھا، عوامی حلقوں کی تنقید

چناری (صباح نیوز) سب ڈویژنل ہیڈ کوارٹر چکار میں شارٹ سرکٹ کے باعث آتشزدگی، مقامی بیکری، ایک کارخانہ معہ سامان جل کر خاکستر، کروڑوں روپے مالیت کا نقصان، تاجروں اور مقامی لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت آگ پر قابو پا کر دیگر بازار کو جلنے سے بچا لیا، تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز شارٹ سرکٹ کے باعث چکار میں الف دین ولد کلو ساکن کڑی کی ملکیتی قاسم بیکری، کارخانہ معہ سامان جل کر خاکستر ہوگئے، مقامی لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت آگ پر قابو پانے کی کوشش کی لیکن وہ بیکری، کارخانہ کو بچانے میں کامیاب نہ ہوئے البتہ دیگر بازار جلنے سے بچا لیا گیا، مقامی لوگوں اور تاجروں (بقیہ 09 صفحہ 03)

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
مصطفیٰ ﷺ کی آمد مرحبا
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
روفائیل آٹو ٹریڈرز
RA
سردار شکیل خان (چیف ایگزیکٹو)
سردار روفائیل خان (جنرل مینیجر)
نزد شیل پٹرول پمپ بلدیہ اڈہ راولاکوٹ

عمران خان بالکل ٹھیک ہیں، علیمہ خان

لاہور (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ عمران خان بالکل ٹھیک ہیں ان کی صحت سے متعلق ٹیک اور سنسنی خیز خبریں پھیلائی جا رہی ہیں۔ لاہور انسداد دہشتگردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ آج میرے بیٹے شاہ ریز خان کی ضمانت کا کیس تھا ہمارے وکلا پیش ہوئے۔ جج کو فیصلہ سنانا تھا مگر وہ چلے گئے۔ انہوں نے کہا (بقیہ 02 صفحہ 03)

اسلام آباد، آغوش کالج مری کے طلباء کی شاندار کامیابی

اسلام آباد (صباح نیوز) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر انتظام آغوش کالج مری کے پہلے بیچ 2019-2025 نے وفاقی بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن (FBISE) کے HSSC-II پارٹ ٹو امتحانات میں غیر معمولی کامیابی حاصل کی ہے۔ اس بیچ کے تمام 31 طلباء نے امتحان میں حصہ لیا اور 100 فیصد (بقیہ 03 صفحہ 03)

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
مصطفیٰ ﷺ کی آمد مرحبا
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
منجانب
صدیق اکبرؓ ماڈل سکول
SIDDIQUE-E-AKBAR MODEL SCHOOL
سپلائی بازار راولاکوٹ
پرنسپل: نثار احمد

۱۲ ربیع الاول
مصطفیٰ ﷺ کی آمد مرحبا
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
منجانب
عبداللہ گڈ فوڈ ریسٹورنٹ اینڈ سیون سکائی ہوٹل
ایاز مارکیٹ منگ روڈ راولاکوٹ
مینجنگ ڈائریکٹر سردار محمد خورشید خان

جشن عید میلاد النبی ﷺ پونچھ کے چاروں اضلاع میں مقابلہ جات

حسن قرات، حسن نعت، تقریر اور کوئز کے مقابلوں میں محکمہ تعلیم کے ماہرین کی بھی خصوصی طور پر شرکت

پوزیشن ہولڈرز میں انعامات و اسناد بھی تقسیم، مثبت سرگرمیوں کے فروغ کیلئے بھرپور کردار ادا کرنے کا عزم

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ پونچھ ڈویژن کے چاروں اضلاع کے مابین جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر چار کیٹگریز حسن قرات، حسن نعت، تقریر اور کوئز کے مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی ڈویژنل ڈائریکٹر سکولز سردار حسیم اختر خان، صدر (بقیہ 04 صفحہ 03)

راجوری، مکان کی دیوار گرنے سے ماں، بیٹی کی موت

دونوں ملبے کے نیچے دب کر موقع پر ہی ہلاک ہوگئیں، علاقہ کی فضا سوگوار

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر کے ضلع راجوری مکان کی دیوار گرنے سے ایک ماں اور اس کی بیٹی کی موت ہوگئی ہے۔ سندر بنی تحصیل کے تانا کاگری علاقے میں موسلادھار بارش کے باعث مکان کی دیوار گرنے سے رتن لعل کی اہلیہ جیتا دیوی اور ان کی بیٹی سونیا رتن لعل کی (بقیہ 06 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر، ماحولیاتی تبدیلیوں کے باعث تباہ کن اثرات

جنگلاتی رقبہ بھی 37 فیصد سے گھٹ کر 11 فیصد رہ گیا گلیشیرز کو خطرہ

نئی دہلی (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں ماحولیاتی تبدیلیوں کے باعث تباہ کن اثرات مرتب ہو رہے ہیں، ہر سال سیلاب سے سینکڑوں افراد مارے جا رہے ہیں۔ ماحولیاتی تبدیلیوں کے باعث جموں و کشمیر کے تمام گلیشیرز کی اونچائی میں بھاری کمی آگئی ہے۔ گھنے جنگلاتی رقبہ (بقیہ 05 صفحہ 03)

عمران خان عوامی لیڈر ہیں، سردار عابد خان

تحریک انصاف کے سینئر رہنما سردار عابد خان نے اپنے ایک بیان میں کہا ایک فارم 47 کے ذریعے بنائی گئی حکومت عمران خان کو سیاست سے باہر کرنے کیلئے ہر جائز اور ناجائز حربے پر اتر آئی ہے۔ ان کے ایجنڈہ میں صرف اور صرف (بقیہ 10 صفحہ 03)

نمایاں کارکردگی کے حامل طلباء کے اعزاز میں تقریب

کامیابی پر خراج تحسین، ملک و ملت کیلئے کردار ادا کرنے پر بھی زور

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) مرکزی دینی درسگاہ جامعہ محمدیہ غوثیہ (کھڑی) راولاکوٹ میں تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر پونچھ سردار عمر فاروق تھے، جبکہ میئر میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ سردار عبدالحلیم خان نے بھی خصوصی شرکت کی۔ تقریب کی صدارت ممتاز مذہبی سکالر پر (بقیہ 11 صفحہ 03)

راولاکوٹ: ڈپٹی کمشنر پونچھ سردار عمر فاروق تھے، مولانا ڈاکٹر محمد عبدالقدوس و دیگر جامعہ محمدیہ غوثیہ میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
جشن میلاد مصطفیٰ ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
منجانب
نیشنل جنرل سٹور
پروپرائیٹرز: چوہدری برادران
مین قصائی گلی چوک راولاکوٹ

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
منجانب
تاج محل ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ
بالمقابل سی ایم ایچ راولاکوٹ پونچھ آزاد کشمیر
پروپرائیٹر: محمد امیر اینڈ محمد سلیم 05824-443480

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
منجانب
اعجاز برادرز سینٹری سٹور
ریشم مارکیٹ نزد مرغا گلی راولاکوٹ
اعجاز برادرز ہارڈ ویئر اینڈ پینٹ سٹور پلائی ووڈ
زاہد مارکیٹ راولاکوٹ آزاد کشمیر
مینجنگ ڈائریکٹر: جواد اینڈ فواد
0333-5676798
0333-4156610

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
منجانب
الجنت بیکرز اینڈ سویٹس
کشمیر مارکیٹ منگ روڈ راولاکوٹ
پروپرائیٹر: راجہ عتیق 0345-9593843

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
منجانب
احمد بیکرز اینڈ سویٹس
منگ روڈ راولاکوٹ
پروپرائیٹر: عبدالمعید اینڈ سنز

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
منجانب
عثمان موبائل اینڈ ریپئرنگ سینٹر ہول سیل ڈیلر
نالہ بازار سنگولہ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر
پروپرائیٹر: محمد افتخار خان

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
منجانب
بفہ ہزارہ کباب اینڈ تکہ ہاؤس
بیسمنٹ الائیڈ بینک لمیٹڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر
پروپرائیٹر: ایم اشرف اینڈ سنز
0332-5438487
0333-6415935

عبداللہ کے گھر سے جہاں میں نور بکھرنے والا ہے
دائی حلیمہ گود میں تیری چاند اُترنے والا ہے
۱۲ ربیع الاول
جشن عید میلاد النبی ﷺ
تمام اہل اسلام کو دل کی عمیق گہرائیوں سے جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
ان شاء اللہ ۱۲ ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی
منجانب
زین سپر بیکرز اینڈ سویٹس
شاہراہ غازی ملت نزد اٹک پٹرولیم راولاکوٹ
مجیب الرحمٰن 0344-0620804
عبدالقدیر 0343-5932736

چیف ایڈیٹر و پبلیشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

بقیہ 1

براعظم ٹیڈ میں موجود عناصر کا تجزیہ کر کے غذائی معیار اور سائنسی پہلوؤں پر روشنی ڈالنا تھا۔ کنزہ اکرم کی اس کامیابی پر ان کے والدین، اساتذہ، عزیز و اقارب اور اہل علاقہ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ نہ صرف کنزہ اکرم کے لیے بلکہ پورے علاقے کے لیے فخر کا مقام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے طلباء ہی ملک اور قوم کا مستقبل سنوارتے ہیں۔ اس موقع پر کنزہ اکرم کا کہنا تھا کہ "یہ کامیابی میرے والدین کی دعا، اساتذہ کی رہنمائی اور میری محنت کا نتیجہ ہے۔ میں مستقبل میں بھی تحقیق کے میدان میں اپنی خدمات جاری رکھنا چاہتی ہوں تاکہ علم و تحقیق کے ذریعے معاشرے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکوں۔" اساتذہ نے کہا کہ کنزہ اکرم نے نہایت محنت اور لگن سے اپنا تحقیقی کام مکمل کیا اور اس جدید تحقیق سے غذائی سائنس کے میدان میں نئے رجحانات کو فروغ ملے گا۔ کنزہ اکرم کی اس کامیابی پر علاقے کے عمائدین اور سیاسی و سماجی شخصیات نے بھی مبارکباد دی اور کہا کہ یہ کامیابی علاقے کے نوجوانوں کے لیے مشعل راہ ہے۔

بقیہ 2

کر آج (جمعرات کو) عمران خان سے ملاقات ہونی تھی نہیں کرائی گئی، بیرسٹر گوہر کی عمران خان سے ملاقات ہوئی ہے، عمران خان کا چیک اپ ان اپنے ڈاکٹرز کی موجودگی میں ہونا چاہیے ہمیں ان لوگوں کے ارادوں پر یقین نہیں ہے۔ علیمہ خان نے کہا کہ عظمیٰ خان نے عمران خان کی صحت کے لیے پوچھا کیونکہ وہ خود ڈاکٹر ہیں، عمران خان بالکل ٹھیک ہیں سوشل میڈیا پر فیک خبریں پھیلائی جا رہی ہیں۔ سوشل میڈیا یوٹیوب چینل اس طرح کی خبروں کی ہم سے تصدیق کر لیا کریں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو تھوڑا سا بھی کچھ ہوگا تو سب سے پہلے ہماری فیملی کھڑی ہوگی۔ میڈیا کو بتانے کے لیے، عمران خان کی صحت کو لے کر سنسنی خیز خبریں پھیلائی جا رہی ہیں جو کہ سچ نہیں ہے۔

بقیہ 3

طلباء کامیاب قرار پائے۔ نمایاں کامیابی حاصل کرنے والوں میں عاطف خان نے 985 نمبر (89.5%)، کلام اللہ نے 937 نمبر (85.2%) اور سید محمد خان نے 925 نمبر (84.1%) حاصل کیے۔ پرنسپل آغوش کالج مری نے اس موقع پر کامیاب طلباء کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آغوش کالج مری ایک معیاری ادارہ ہے جو نہ صرف اعلیٰ تعلیم فراہم کرتا ہے بلکہ طلباء کی کردار سازی، شخصیت سازی اور قیادت کی صلاحیتوں کو بھی نکھارتا ہے۔ یہ شاندار کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ ادارہ مستقبل کے بہترین رہنماؤں اور ذمہ دار شہریوں کی تیاری میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔

بقیہ 4

تقریب محمد شعبان خان پرنسپل بوائز پائلٹ ہائی سکول راولاکوٹ، مہمان اعزاز ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر پونچھ بابر ایاز خان ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سدھنوتی، وحید عالم، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پونچھ، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر ہیڈکوارٹر پونچھ ایاز شیراز تھے، جبکہ تلاوت کے فرائض ڈاکٹر ظفر حسین ظفر، ڈاکٹر فیاض نقی، مولانا فاروق حسین صابر، مفتی شاہد اسحاق نے سر انجام دیے۔ جبکہ دیگر مہمانوں میں چاروں اضلاع سے آئے ہوئے اساتذہ کرام نے طلبہ کے ہمراہ شرکت کی۔ حسن قرأت مقابلہ میں پہلی پوزیشن حمزہ شفیق بوائز مڈل سکول سنگھولہ باغ، دوسری پوزیشن صیام جاوید بوائز سکول چھاؤنی سدھنوتی، تیسری پوزیشن عبدالستار بوائز پائلٹ ہائی سکول راولاکوٹ، حسن نعت میں پہلی پوزیشن محمد شعیب بوائز پائلٹ ہائی سکول کھوئی رٹہ، دوسری پوزیشن حسنین راٹھور ہائی سکول باغ اور عبدالجبار پائلٹ ہائی سکول بھیرہ، جبکہ تیسری پوزیشن سیف اللہ منظور بوائز ہائی سکول گڑالہ سدھنوتی نے حاصل کی۔ تقریر میں پہلی پوزیشن بوائز پائلٹ ہائی سکول راولاکوٹ، دوسری پوزیشن عبدالودود بوائز مڈل سکول داتوٹ، تیسری پوزیشن عدیل احمد بوائز ہائی سکول ہالن شمالی کھوئی رٹہ نے حاصل کی۔ کوئز مقابلہ جات میں پہلی پوزیشن ڈسٹرکٹ باغ کے سکول پائلٹ ہائی سکول دھیرکوٹ، دوسری پوزیشن حسنین مقبول پائلٹ ہائی سکول پلندری تیسری پوزیشن پر دو ٹیمیں براجمان تھیں جن میں بوائز ہائی سکول کھڑی پونچھ اور بوائز ہائی سکول ہالن شمالی حویلی شامل تھے۔ تقریب کے اختتام پر طلبہ میں تعارفی اسناد تقسیم کی گئی اور ان کی کارکردگی کو سراہا گیا تقریب سے سردار نسیم اختر خان ڈویژنل ڈائریکٹر سکول پونچھ ڈویژن، سردار محمد شعبان خان پرنسپل بوائز پائلٹ ہائی سکول راولاکوٹ، سردار بابر ایاز خان ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پونچھ، وحید عالم ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سدھنوتی، شوذ کاشر عرفان حمید، عامر شوکت و دیگر نے خطاب کیا۔

بقیہ 5

کر 37 فیصد سے گھٹ کر 11 فیصد رہ گیا ہے۔ کشمیری صحافی سید افتخار گیلانی نے دی وائر میں ایک مضمون میں نشاندہی کی ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں ہر سال ہندوؤں کی امرناتھ یاترا کے لیے آنے والے یاتری پہلگام اور اس کے گلیشیئرز کو روندتے ہیں، روزانہ 25,000 زائد امرناتھ جانے والے یاتری گلیشیئرز کو روندتے رہتے ہیں۔ انہوں نے لکھا ہے کہ حال ہی میں حکومت نے ایک اور روایت قائم کر کے پیر پنچال کے پہاڑوں میں واقع کوثر ناگ کی یاترا کی بھی منظوری دی۔ پہاڑوں میں واقع صاف شفاف اور آلودگی سے پاک پانی کا یہ چشمہ جنوبی کشمیر میں اہربل کی مشہور آبشار اور دریائے ویشو اور لوگری کو پانی فراہم کرتا ہے۔ بعض ناعاقبت اندیش کشمیری پنڈتوں کو آلہ کار بنا کر ہندو فرقہ پرست قوتوں نیز حکومت نے امرناتھ یاترا کی طرح کوثر ناگ یاترا چلانے کا اعلان کیا۔ متعدد ممالک نے بھی پہاڑی علاقوں میں سیاحوں کی تعداد کو ریگولیٹ کر رکھا ہے۔ ہندوستان کی قومی ماحولیاتی پالیسی میں بھی اس بات کا ذکر ہے کہ پہاڑی علاقوں میں سیاحوں کی تعداد کو ریگولیٹ کیا جائے تاکہ پہاڑی علاقوں کے ماحولیات کو برقرار رکھا جا سکے۔ کشمیر میں حالیہ برسوں میں جو ماحولیاتی تبدیلیاں آئی ہیں اس کا نتیجہ ہے کہ تقریباً تمام گلیشیئرز کی اونچائی میں بھاری کمی آ گئی ہے۔ پچاس سال قبل چناب کے طاس کا تقریباً 8000 مربع کلومیٹر کا علاقہ برف سے ڈھکا رہتا تھا وہ آج گھٹ کر صرف 4000 مربع کلومیٹر رہ گیا ہے۔ پیر پنجال رینج میں تو شاید ہی کوئی گلیشیئر باقی بچا ہے۔ گلیشیئروں کے علاوہ کشمیر میں گھنے جنگلاتی رقبہ بھی 37 فیصد سے گھٹ کر 11 فیصد رہ گیا ہے۔

بقیہ 6

موت ہوئی ایک خاتون اور ان کی بیٹی جاں بحق ہوئی ہیں۔ حادثے کے وقت دونوں مکان کے اندر موجود تھیں۔ اچانک مکان کی دیوار منہدم ہوگئی جس کے نتیجے میں دونوں ملبے کے نیچے دب کر موقع پر ہی ہلاک ہو گئیں۔

بقیہ 7

میں زیر تعلیم طالب علم کی مبینہ طور پر نجی ماہانہ فیس کی نسبت ادارہ کی جانب سے بار بار دباؤ کے سبب دریا میں چھلانگ لگا کر خودکشی کرنے کی خبر کا فوری نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی جانب سے معاملہ پر غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لیے فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی تشکیل دی گئی ہے کمیٹی کی تحقیقات آخری مراحل میں ہیں اور بہت جلد رپورٹ مجاز اتھارٹی کو پیش کر دی جائے گی۔ تحقیقات کے نتیجہ میں واقعہ کے ذمہ داران کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، علاوہ ازیں آزاد جموں و کشمیر پرائیویٹ ایجوکیشنل انسٹیٹیوشنز رجسٹرنگ اتھارٹی کی جانب سے تمام نجی تعلیمی ادارہ جات کے طلبہ سے براہ راست فیس طلب کرنے پر پابندی عائد کرتے ہوئے ہدایات بھی جاری کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 8

کرام بارے ہدایات جاری کر دیں۔ حکومت پنجاب جشن میلاد النبی ﷺ کو مذہبی عقیدت و احترام، شایان شان انداز میں منائے گی، صوبہ بھر میں جشن میلاد کے بڑے جلوسوں کے راستوں پر سبیلیں لگائی جائیں گی، بڑی اور ممتاز عمارتوں، [illegible] اور دفاتر کو سبز برقی قمقموں سے روشن کیا جائے گا۔ جمعۃ المبارک 11 ربیع الاول کو سرکاری و نجی اسکولوں میں میلاد کی محافل منعقد ہوں گی، جشن میلاد پر سیلاب متاثرین کے ریلیف کیمپوں میں مٹھائیاں تقسیم کی جائیں گی۔ جیلوں میں اسیران میں بھی ولادت باسعادت کی خوشی میں مٹھائی تقسیم کی جائے گی۔ جشن میلاد النبی ﷺ پر 6 ستمبر کے حوالے سے شہدا کیلئے خصوصی دعائیہ تقاریب کا بھی اہتمام ہوگا۔ جشن میلاد النبی ﷺ کے موقع پر امن، رواداری اور آپس میں اتحاد کے جذبے کو فروغ دیا جائیگا۔ اس حوالے سے پنجاب بھر میں ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز کو ہدایات پر عملدرآمد کے حوالے سے مراسلہ جاری کر دیا گیا۔

بقیہ 9

نے پکار میں فائر بریگیڈ کی گاڑیاں نہ ہونے پر شدید غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر پکار میں فائر بریگیڈ کی گاڑیاں موجود ہوتی تو بیکری اور کارخانہ کو بھی جلنے سے بچایا جا سکتا تھا، بیاں بالا سے پکار پہنچنے میں ریسکیو 1122 کی آگ پر قابو پانے کے لیے آنے والی گاڑیوں کو ٹائم لگتا ہے، جس کے باعث کسی بھی آتشزدگی کے واقعہ میں آگ کی فوری روک تھام ممکن نہیں ہے۔

بقیہ 10

پاکستان تحریک انصاف کو ختم کرنے اور عمران خان کو سزا دلانے کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ ان کے ترقی کے اعلانات صرف اخباری بیانات اور اشتہارات تک محدود ہیں اور ملک میں جمہوریت کا لبادہ اوڑھ کر فسطائیت کا نظام قائم کر دیا گیا ہے۔ شہباز حکومت کٹھ پتلی حکومت ہے اور کہیں اور سے چلائی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان عوامی لیڈر ہیں اور کٹھ پتلی حکومت کسی بھی طرح غریب عوام کے دل نہیں جیت سکتی ہے۔ عدم مساوات کی وجہ سے محض نفرتیں جنم لیتی ہیں اور غریب عوام عدم تحفظ کا شکار ہو چکے ہیں۔

بقیہ 11

پروفیسر ڈاکٹر عبدالقدوس خان نے کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر راولاکوٹ سردار مشتاق احمد خان، اساتذہ، علماء کرام، والدین اور طلباء و طالبات کی بڑی تعداد موجود تھی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سردار عمر فاروق نے کہا کہ دینی علوم کی برکت سے دنیاوی کامیابیاں بھی حاصل ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دینی مدارس، خصوصاً بھیرہ شریف جیسے ادارے، آج بھی طلباء و طالبات کی دینی تعلیم و تربیت میں بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں اور ان مدارس سے فارغ التحصیل طلباء و طالبات زندگی کے مختلف شعبوں میں مثبت کردار ادا کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ دینی اور دنیاوی تعلیم کا امتزاج ایک معتدل اور ذمہ دار معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہے، اور انتظامیہ دینی تعلیم کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ صدر محفل پروفیسر ڈاکٹر عبدالقدوس خان نے اپنے خطاب میں مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ طلباء و طالبات کی حوصلہ افزائی کے لیے معاشرے کی باشعور شخصیات کی موجودگی اس بات کا ثبوت ہے کہ ہماری قیادت دین سے وابستگی رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سردار عبدالعلیم خان کی تقریب میں شرکت عوامی نمائندگی کی عکاسی کرتی ہے، جس پر ہم ان کے شکرگزار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈپٹی کمشنر سردار عمر فاروق نے معروف دینی ادارے گلزار حبیب سے دینی تعلیم حاصل کی ہے، اور ان کی فکر و عمل میں اس کا عکس نمایاں طور پر جھلکتا ہے۔ ان کی موجودگی اس بات کا ثبوت ہے کہ ہمارے مدارس نے نہ صرف علماء و طالبات بلکہ افسران، اسکالرز اور قائدین بھی پیدا کیے ہیں۔

بقیہ 12

لے لی ہے۔ 2 اور 3 ستمبر کی درمیانی رات کے دوران راجوری ضلع کے سندر بنی علاقے میں زبردست بارش کے باعث ایک گھر کی دیوار گرنے سے ایک خاتون اور اس کی بیٹی کی جانیں ضائع ہو گئیں۔ مرنے والوں کی شناخت سیتا دیوی اور اس کی بیٹی سوجیا رتن لال کے طور پر ہوئی ہے۔ دوریں اثناء شدید بارش کی وجہ سے 30 ستمبر تک جموں اور کٹرا اسٹیشنوں سے آنے والی اور جانے والی 68 ٹرینیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ جموں ڈویژن میں پچھلے آٹھ دنوں سے مسلسل بارشوں اور سیلاب نے ریل ٹریفک کو درہم برہم کر دیا ہے، جس کی وجہ سے پٹھان کوٹ۔ جموں سیکشن سمیت متعدد مقامات پر پٹڑیوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ مقبوضہ علاقے میں 26 اگست سے جاری شدید بارشوں سے ہزاروں افراد متاثر ہو چکے ہیں۔ کٹرا میں ماتا ویشنو دیوی کے مزار کے قریب لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں 34 ہندو یاتری ہلاک ہو گئے تھے۔ 26 اگست سے اب تک خطے میں 380 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی، جو 1910 کے بعد سب سے زیادہ ہے۔

بقیہ 13

61 کنال بتائی۔ پرنسپل فاطمہ جناح پوسٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین، ایم ڈی مون کریئیشنز، اسسٹنٹ ڈائریکٹر انفارمیشن و پارلیمنٹ سمیت خواتین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ ایس سی او کا یہ سنگ میل منصوبہ آزاد جموں و کشمیر میں مجوزہ 11 ٹیکنالوجی پارکس میں سے آٹھویں پارک کی تکمیل ہے جو خطے میں ڈیجیٹل اور شمولیتی ماحول قائم کرنے کے لیے ایس سی او کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ خواتین کے لیے مخصوص یہ پارک جدید، محفوظ اور مکمل سہولیات سے آراستہ ورک اسپیس فراہم کرتا ہے جہاں فری لانسرز، آئی ٹی پروفیشنلز اور خواتین کاروباری حضرات اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا سکیں۔ اس اقدام کے ذریعے خواتین کو روزگار، کاروباری مواقع اور ہنر سازی کے مواقع میسر آئیں گے جس سے آزاد کشمیر میں خواتین کی سماجی و معاشی بااختیاری ممکن ہو گی۔ خواتین کیلئے پہلے سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک کے افتتاح کے بعد ڈائریکٹر جنرل ایس سی او میجر جنرل عمر احمد شاہ نے پارک کے مختلف حصوں کا دورہ کیا، نوجوان فری لانسرز سے ملاقات کی اور ان کے کام کو سراہا۔ انہوں نے پارک میں دستیاب جدید سہولیات، بلاتعطل بجلی کی فراہمی، تیز رفتار انٹرنیٹ، اور جدید تربیتی انفراسٹرکچر کو بھی سراہا جو خواتین کے لیے ایک پیشہ ورانہ ماحول فراہم کرتی ہیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ایس سی او میجر جنرل عمر احمد شاہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کے لیے وقف ٹیکنالوجی پارک کا قیام ایس سی او کے وژن 2025 کی عکاسی کرتا ہے جو کہ ٹیکنالوجی میں خواتین کی شمولیت کو فروغ دینے اور نوجوانوں خصوصاً خواتین کو پاکستان کی بڑھتی ہوئی ڈیجیٹل معیشت میں نمایاں کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے

بقیہ 14

کی اس طرح مجموعی طور پر 7500 روپے اضافے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں انسپکٹر قراء / قاریات کی تنخواہوں میں بھی 5000 روپے اضافے کی منظوری دی گئی جبکہ 10 انسپکٹرز کی پوسٹوں کے اضافے کی منظوری بھی دی گئی۔ اجلاس میں ضرورت کی بنیاد پر نئے مدارس کے قیام کی منظوری بھی دی گئی۔ اس سے قبل زکوۃ کونسل کے اجلاس میں یومیہ 35 روپے سے اضافہ کر کے 50 روپے یومیہ کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ تجوید القرآن ٹرسٹ کا قیام 1965 میں عمل میں لایا گیا اس وقت آزاد کشمیر میں ٹرسٹ کے زیر انتظام 1977 مدارس کام کر رہے ہیں جن میں مختلف مکتبہ فکر کے مستند قراء / قاریات متعین ہیں۔ میرپور ڈویژن میں قراء / قاریات کی تعداد 614، پونچھ ڈویژن میں 783 جبکہ مظفرآباد ڈویژن میں 580 ہے۔ ان مدارس میں زیر تعلیم طلباء کی تعداد ایک لاکھ 65 ہزار ہے۔ اجلاس کے اختتام پر چیئرمین علماء و مشائخ مولانا امتیاز صدیقی نے وزیراعظم کی صحت یابی، درازی عمر اور ملک کی سلامتی کیلئے خصوصی دعا کی

بقیہ 15

ڈاکٹر محمد شیخ محمد اکرم نے ملاقات کی، اطہر راجہ وحید، کشمیر سرفراز، راجہ خالد محمود اور دیگر نے بھی وزیراعظم سے ملاقات کی۔ وزیراعظم سے اور میئر راجا راجہ خرم لیاقت پونچھی، چوہدری عامر منظور ایڈووکیٹ چوہدری صدام حسین چوہدری اور عثمان مدد علی گڑھا کنجال نے بھی ملاقات کی، وزیراعظم سے یو سی کہیاٹر کی وارڈ ہیرہ سے چوہدری محمد خالق، امیر افضل، محمد یعقوب، عبدالرؤف و دیگر نے بھی ملاقات کی۔ وزیراعظم چوہدری انوار الحق نے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر میں گڈ گورننس کے فروغ، میرٹ کی بالادستی اور ترقیاتی منصوبوں میں پسماندہ علاقوں کو ترجیح دینے پر حکومت فوکس کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ احتساب کا عمل خود اپنی ذات سے شروع کیا، حلقے کو بہت کم وقت دے سکا کیونکہ پورا آزاد کشمیر میرا حلقہ ہے سب لوگوں کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے اور تعمیر و ترقی کو یقینی بنانے کیلئے تمام ضروری اقدامات کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا جب حکومت سنبھالی تو آزاد کشمیر حکومت کو خسارے کا سامنا تھا، اداروں میں نظم و نسق کا فقدان تھا اور قوانین پر عملدرآمد نہ ہونے کے برابر تھا۔ منصب سنبھالتے ہی پہلا کام سب کو آئین و قانون کے مطابق لانے کا کیا، معاشرے میں قائم جمود کو ختم کیا اور اس بات کو یقینی بنایا کہ اداروں میں میرٹ پر تعیناتیاں کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جب آپ اپنی ذات سے شروع کرتے ہیں تو پھر ہر قسم کا خوف ختم ہو جاتا ہے۔ اللہ پاک کا مجھ پر خاص کرم ہے کہ وزارت عظمیٰ کیلئے ایک چائے کا کپ بھی نہیں پلایا، اللہ پاک نے منصب مجھے عطا کیا تو تہیہ کر لیا تھا کہ جب تک قلم میں اختیار ہے اسے آزاد کشمیر کے عوام کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کیلئے استعمال کروں گا۔ دو سال اور چار ماہ سے اقتدار میں ہوں کوئی مجھ پر یا میری کابینہ کے کسی رکن پر ایک روپے کی کرپشن کا الزام نہیں لگا سکتا، الزامات لگانے والوں کے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے اصل تکلیف اس مافیا کو ہے جسے گردن سے پکڑا ہے اس مافیا اور ان کے سہولت کاروں کی چیخیں بتا رہی ہیں کہ ہاتھ صحیح جگہ پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا مرشد خانہ میری والدہ محترمہ ہے کہ مخلوق خدا کی بھلائی کی ہدایت کی تھی ان کے ارشادات کی روشنی میں اپنے کام میں مصروف عمل ہوں۔ میں کوئی کامل شخصیت کا دعویٰ تو نہیں کرتا مگر خود کو آئین و قانون کے مطابق رکھا ہے، میرٹ کو ہر حال میں یقینی بنایا ہے اور ضمیر مطمئن ہے، جاگیرداری، مافیا اور اجارہ داری کا خاتمہ کیا اور عام آدمی کی سہولت کو مدنظر رکھا ہے اللہ پاک کا بڑا کرم ہے نہ کوئی لالچ نہ کوئی ڈر ہے، سادگی کو اپنایا ہے اور austerity measures کے ذریعے عوام کے ٹیکس کی حفاظت یقینی بنائی ہے۔ کشمیر ہاؤس میں ڈیرے لگانے والے اور مہر پاک پروگرام اب نہیں چل سکتا، عوام کے ٹیکس کے پیسے پر عیاشیاں نہیں ہونے دیں گے جب تک قلم میں اختیار ہے اس پر پہرہ دوں گا۔ وفود نے وزیراعظم کی قیادت اور ان کے شہری اقدامات کو سراہا اور کہا کہ آزاد کشمیر کی تاریخ میں آپ جیسا درویش صفت وزیراعظم نہیں آیا جس نے عوام کے ٹیکس کے پیسے کی حفاظت یقینی بنائی اور گڈ گورننس کے ذریعے عوام کی فلاح کو یقینی بنایا۔

بقیہ 16

کشمیر الیکشن کمیشن کے لئے پیپر لیس ڈیٹا اینڈ الیکٹورل رول سسٹم کی تیاری اور کمیشن کے دس ضلعی اور چار ریجنل دفاتر میں اس کی تنصیب، سسٹم میں استعمال ہونے والے سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر سے متعلق تفصیلات، سسٹم کو چلانے کے لئے آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن کے متعلقہ عملہ کی استعدادکار بڑھانے اور نادرا کی جانب سے اس سسٹم کو مکمل طور پر فعال رکھنے کے لیے کمیشن کو ہر طرح کی تکنیکی اور فنی معاونت سے متعلقہ مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ منصوبہ کے تمام مراحل کو ہر صورت معاہدہ کے تحت مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے گا۔ آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن کے مرکزی اور ضلعی دفاتر میں اس سسٹم کے فعال ہو جانے کے بعد انتخابی فہرستوں کی تیاری اور ان میں ووٹرز کے اندراج، اخراج، تبدیلی اور درستگی وغیرہ سے متعلق جملہ امور اور حلقہ بندیوں کی تشکیل اور تجدید سے متعلق جملہ معاملات جدید ترین ٹیکنالوجی کی مدد سے انجام پذیر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ اس موقع پر ممبر الیکشن کمیشن نے اپنے اس عزم کا اظہار کیا کہ آزاد جموں و کشمیر میں آمدہ عام انتخابات سے قبل انتخابی عمل کی شفافیت اور انتخابات کو ہر لحاظ سے آزادانہ، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ بنانے کے لیے وہ تمام سہولیات ترجیحی بنیادوں پر حاصل کی جائیں گی جو جدید ترین انفارمیشن ٹیکنالوجی کی مدد سے فراہم کر رہی ہیں۔ اجلاس میں مہاجرین مقیم پاکستان کے لیے مختص بارہ انتخابی حلقوں میں انتخابی عمل کی شفافیت کے لیے بھی مختلف تجاویز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ اس ضمن میں تمام سیاسی جماعتوں کی مشاورت اور اتفاق سے ایسا لائحہ عمل تیار کیا جائے گا جس سے آئندہ انتخابات کی شفافیت سے متعلق پائی جانے والی شکایات کا ہمیشہ کے لیے تدارک ہو سکے۔ اس موقع پر ممبر الیکشن کمیشن نے پراجیکٹ ڈائریکٹر نادرا اور کمیشن کی جانب سے سوینئر بھی دیا جبکہ سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی کو کانوسٹر محمد ندیم تاج نے وصول کیا۔

بقیہ 17

کے ملبے کے نیچے دبے ہوئے ہیں، ہلاکتوں کی تعداد میں اضافے کا خدشہ ہے۔ زلزلے کا مرکز صوبہ ننگرہار کے شہر جلال آباد کے قریب تھا جس کی گہرائی 8 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی، یہ زلزلہ حالیہ برسوں میں افغانستان کی سب سے ہلاکت خیز قدرتی آفات میں سے ایک قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 18

ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی اور سیاسی سرگرمیوں کے دوران دہشت گردانہ کارروائیوں کے نتیجے میں بے گناہ شہریوں کی جان جانا نہایت افسوسناک اور ناقابل برداشت ہے۔ یہ حملہ دراصل پاکستان میں سیاسی و جمہوری رواداری پر حملہ ہے، تاہم دہشت گرد عناصر اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ کوئٹہ حملے میں بی این پی کے کارکنوں سمیت متعدد شہری جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوئے، جو پوری قوم کے لیے دلی صدمے کا باعث ہے۔

بقیہ 19

بھر میں 37 فیصد بچوں کی ویکسینیشن مکمل کر لی گئی، خیبر پختونخوا میں 41 اور بلوچستان میں 49 فیصد بچوں کی ویکسینیشن مکمل ہوگئی، پنجاب میں 23 اور سندھ میں 47 فیصد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جا چکے ہیں، اسلام آباد میں 44 فیصد بچوں کی ویکسین مکمل ہو چکی ہے، گلگت بلتستان میں 59، اور آزاد کشمیر میں 65 فیصد بچوں کو ویکسین دی جا چکی ہے، پاکستان اور افغانستان میں پولیو مہم کا بیک وقت انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ترجمان ای او سی نے کہا ہے کہ پولیو ویکسین زندگی بھر کی معذوری سے تحفظ فراہم کرتی ہے، والدین سے گزارش ہے کہ پولیو ورکرز سے بھرپور تعاون کریں، پولیو مہم کے دوران اپنے پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے لازمی پلوائیں، پولیو اور دیگر خطرناک بیماریوں سے بچاؤ کے لیے اپنے بچوں کی بروقت ویکسینیشن یقینی بنائیں، پولیو مہم سے رابطے کے لیے 1166 پر کال کریں یا 03467776546 پر واٹس ایپ پیغام بھیجیں جبکہ پنجاب کے 9 اضلاع میں سیلاب کے پیش نظر پولیو مہم مؤخر کر دی گئی ہے، جنوبی خیبر پختونخوا، باجوڑ اور دیر میں پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز 15 ستمبر سے ہوگا۔

بقیہ 20

نے مختلف عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کی جانب سے نہ صرف مقبوضہ کشمیر میں ظلم و ستم جاری ہے، بلکہ بھارت کی جانب سے اس وقت دریاؤں میں پانی چھوڑ کر پاکستانی قوم کو آزمائش میں ڈال دیا گیا ہے، لاکھوں لوگ بے گھر ہو چکے ہیں، سینکڑوں دیہات زیر آب ہیں، لوگ شدید مشکلات کا شکار ہیں، اس موقع پر ہمیں اپنے پاکستانی بھائیوں کیساتھ مکمل ہمدردی ہے، اور ان کی مدد کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، مشکل کی اس گھڑی میں پاک افواج ان متاثرین کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، کشمیری قوم بھی اس موقع پر پاکستانی بھائیوں کیساتھ کھڑی ہے، انہوں نے اقوام عالم، انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں، اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کشمیر میں جاری ظلم و بربریت، بھارت کی آبی جارحیت کا نوٹس لیتے ہوئے اقدامات کریں تاکہ کشمیری بھی اپنے مستقبل کا فیصلہ کر سکیں، اور پاکستان میں جو لاکھوں لوگ اس وقت بے گھر ہو چکے ہیں، ان کی دادرسی ممکن ہو سکے انہوں نے مزید کہا کہ پاک افواج دنیا کی بہترین فوج ہے، سرحدوں کی حفاظت ہو یا قوم کسی بھی مشکل میں ہو پاک افواج نے ہمیشہ اپنا بھرپور کردار ادا کیا انہوں نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان شایان شان طریقہ سے منایا جائے گا، پاک افواج نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے کر پوری دنیا میں ثابت کیا ہے کہ پاک افواج دنیا کی بہترین افواج میں سے ایک ہے، انہوں نے مزید کہا کہ یوم دفاع پاکستان کے دن پوری قوم عہد کرتی ہے کہ ملک پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کو نشان عبرت بنا دیں گے، پاکستان و کشمیری قوم پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 21

میلاد النبی ﷺ کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے صدر مسلم کانفرنس و سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔ ہمیں اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی کو نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کے مطابق ڈھالنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میلاد النبی ﷺ کی محافل نہ صرف روحانی سکون کا باعث ہیں بلکہ یہ ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتی ہیں کہ ہم دین اسلام کی اصل روح کو سمجھیں اور اسے اپنی عملی زندگی میں نافذ کریں۔ سردار عتیق احمد خان نے مزید کہا کہ نوجوان نسل کو سیرت النبی ﷺ سے روشنی حاصل کرنی چاہیے، کیونکہ یہی راستہ ہمیں دنیا و آخرت میں کامیابی عطا کر سکتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ معاشرے کی اصلاح اور امن و اخوت کے فروغ کے لیے نبی کریم ﷺ کے اسوہ حسنہ کو عام کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس موقع پر نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ اور میلاد کی محفل کی روحانی فضاء نے شرکاء کے دلوں کو منور کیا۔ اسی روز دھیرکوٹ میں ہی سردار عتیق احمد خان سے سردار عرفان عباسی، راجہ شہباز خان، راجہ سادات، راجہ بابر معظم، راجہ رضوان طارق اور دیگر اہم رہنماؤں نے ملاقات کی اور موجودہ سیاسی صورتحال کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ بعد ازاں صدر مسلم کانفرنس غازی آباد پہنچے، جہاں مجاہد اول ہاؤس میں ممبر سردار نصراللہ خان ولید چانک علی خان، راجہ عبدالستار خان، ادریس کاظم عباسی، کامران عباسی، راجہ شکیل خان اور دیگر رہنماؤں نے ان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ریاستی و قومی امور، خصوصاً خطہ میں امن و ترقی کے حوالے سے تفصیلی بات چیت کی گئی۔ مظفرآباد میں بھی سردار عتیق احمد خان نے انجمن تاجران کے سینئر عہدیداران سے ملاقات کی۔ تاجران نے اپنے مسائل اور کاروباری برادری کو درپیش مشکلات سے صدر مسلم کانفرنس کو آگاہ کیا۔ سردار عتیق احمد خان نے یقین دہانی کرائی کہ مسلم کانفرنس عوامی مسائل کے حل اور خطے کی ترقی و خوشحالی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ ان دوروں کے دوران مسلم کانفرنس کے کارکنان اور عوام نے بھرپور پذیرائی کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ مسلم کانفرنس ہی وہ جماعت ہے جو حقیقی معنوں میں عوام کے حقوق کی ضامن ہے۔

بقیہ 22

کی گئی ہیں، ٹرینیں مون سون بارشوں اور سیلابی صورتحال کے باعث معطل کی گئیں، ریلوے حکام کے مطابق کراچی سے لاہور قراقرم ایکسپریس منسوخ کی گئی، کراچی سے پشاور خوشحال خان خٹک ایکسپریس (آج) 4 ستمبر تک معطل رہے گی۔ اسی طرح کراچی سے لاہور شاہ حسین ایکسپریس 6 ستمبر تک معطل رہے گی۔ ریلوے حکام نے کہا کہ معطل کی گئی ٹرینوں کے مسافروں کو دیگر ٹرینوں میں ایڈجسٹ کیا جائے گا۔

بقیہ 23

جائے تاکہ عوامی مشکلات کم ہوں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ڈویژنل آفیسران اپنے ماتحت دفاتر میں حاضری کو یقینی بنائیں اور عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری دفاتر عوامی خدمت کے مراکز ہیں، لہٰذا ہر افسر اور اہلکار کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ دفتر آنے والے شہریوں کی بات توجہ سے سنیں اور اپنی بساط کے مطابق فوری حل تجویز کریں۔ کمشنر پونچھ نے مزید کہا کہ آفیسران اپنی ذمہ داریوں کو صرف ایک ڈیوٹی نہ سمجھیں بلکہ اسے عبادت اور عوامی خدمت کا ذریعہ تصور کریں۔ ہر افسر کو اپنی ٹیم کو ساتھ لے کر چلنا ہوگا، ماتحت عملے کو عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ کام کرنے کی ترغیب دی جائے۔ منصوبہ جات کی بروقت تکمیل عوامی سہولت کا باعث بنتی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری آفیسران و اہلکاران کی عزت نفس کا بھرپور خیال رکھا جائے تاکہ وہ اعتماد کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں پوری کر سکیں۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ریجن سردار ظہیر احمد نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری آفیسران و ملازمین پوری دلجمعی سے اور بلا خوف اپنی ذمہ داریاں نبھائیں اور سروس ڈیلیوری کے دوران جہاں بھی ان کو ضرورت پڑے گی ان کے تحفظ کے لیے پولیس موجود رہے گی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر پونچھ سردار عمر فاروق، سپرنٹنڈنٹ پولیس پونچھ خاور علی شوکت، چیف انجینئر شاہرات سید امجد علی شاہ، چیف انجینئر برقیات فاروق احمد گوہر، سپرنٹنڈنٹ انجینئر برقیات ذوالفقار عباسی، ڈویژنل ڈائریکٹر سکولز پونچھ ندیم خان، ڈویژنل ڈائریکٹر سکولز پونچھ زنانہ محترمہ رضیہ شاہ محمود، سپرنٹنڈنٹ انجینئر عمارات راجہ محمد سعید، سپرنٹنڈنٹ انجینئر شاہرات پونچھ حبیب مغل، ڈویژنل ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ طاہر اشرف، کنزرویٹر فاریسٹ سردار محمد لطیف خان، کنزرویٹر فاریسٹ محمد ارشاد، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پونچھ ڈاکٹر سلیم، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیاحت وقاص منظر، آفیسر اطلاعات ناصر لطیف نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈویژنل آفیسران نے بھی اس عزم کا اظہار کیا کہ بطور ڈویژنل انچارج وہ جاری اصلاحات میں عوامی خدمت کو مزید بہتر بنائیں گے، ترقیاتی منصوبہ جات کی بروقت تکمیل اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے عملی اقدامات کو پہلے سے زیادہ مؤثر بنانے کی ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔

بقیہ 24

خطاب کرتے ہوئے سردار عامر الطاف خان نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں لاکھوں کشمیری مرد و خواتین بزرگ بچے اور نوجوان آج بھی اپنے حق خودارادیت کے لیے میدان میں موجود ہیں بھارت نے طاقت بندوق اور کالے قوانین کے ذریعے کشمیری عوام کو دبانے کی ہر ممکن کوشش کی مگر اس کے تمام حربے ناکام ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کے دل آج بھی پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں بھارت دنیا کو گمراہ کرنے کے لیے ترقی اور امن کے نام پر جھوٹا بیانیہ پیش کرتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ کشمیری عوام آج بھی بھارتی فوج کے محاصرے میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ سردار عامر الطاف نے مرحوم حریت رہنما سید علی گیلانی کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ کشمیریوں کی ایک نڈر، با اصول اور جاندار آواز تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی جدوجہد آزادی کے لیے وقف کر دی ان کا نعرہ ہم پاکستانی ہیں پاکستان ہمارا ہے آج بھی کشمیری نوجوانوں کے دلوں میں زندہ ہے اور یہ نعرہ پاکستان اور کشمیر کے درمیان ایک ناقابل شکست رشتہ بن چکا ہے انہوں نے کہا کہ سید علی گیلانی کی زندگی جدوجہد قربانی اور اصولوں کی اعلیٰ مثال ہے بھارتی مظالم قید و بند نظر بندی اور ظلم کے باوجود وہ کبھی نہ جھکے نہ بکے اور نہ ہی باطل کے آگے جھکے وہ کشمیری عوام کے لیے ایک مشعل راہ تھے اور ان کا مشن اب ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ سردار عامر الطاف نے کہا کہ سید علی گیلانی نے کشمیری نوجوانوں کو شعور دیا اور نوجوان نسل کو بیدار کیا جذبہ حریت دیا انہیں حریت حق خودارادیت اور اسلامی شناخت کا احساس دلایا ان کی قیادت میں کشمیر کی تحریک آزادی نے نئی روح پائی انہوں نے نوجوانوں کو باطل کے خلاف کھڑا ہونے قربانی دینے اور سچ بولنے کا حوصلہ دیا آج بھی مقبوضہ کشمیر میں ہزاروں نوجوان سید علی گیلانی کے افکار سے متاثر ہو کر جدوجہد آزادی کا حصہ بن چکے ہیں۔ وزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن نے کہا کہ کشمیر کی آزادی اب دور نہیں پاکستان کشمیری عوام کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑا ہے کشمیر کی آزادی کا سورج جلد طلوع ہونے کو ہے بھارت کے ظلم و ستم فوجی محاصروں میڈیا بلیک آؤٹ اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا انجام قریب ہے پاکستان عالمی فورمز پر کشمیریوں کی آواز بلند کرتا رہے گا اور ہم سید علی گیلانی کے مشن کو ہر محاذ پر جاری رکھیں گے ان کی جدوجہد ایک نظریاتی ورثہ ہے اور پاکستان کی سیاسی قیادت اس مشن کو زندہ رکھنے کے لیے پرعزم ہے کشمیریوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی جلد ہی کشمیر کی آزادی کا سورج طلوع ہوگا۔

بقیہ 25

بحق ہو گئے۔ پولیس نے کہا کہ فائرنگ کے بعد حملہ آور فرار ہو گئے، واقعہ کی تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس نے کہا کہ جاں بحق افراد کی لاشیں ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کر دی گئیں۔

بقیہ 26

سلسلہ جاری رہے گا نارووال، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، گجرات، لاہور میں پچھلے 24 گھنٹوں میں شدید بارشیں ہوئی اس سلسلہ کے زیر اثر 6 ستمبر سے ملک کے جنوبی علاقوں بشمول جنوبی پنجاب اور جنوبی سندھ میں بارشوں کا امکان ہے ملک کے ساحلی علاقے بشمول بدین، سجاول اور تھرپارکر میں شدید بارشوں کا امکان ہے ملک میں غیر معمولی بارشوں اور دریاؤں میں پانی کی آمد کے باعث سیلابی صورتحال پیدا ہوئی 4 سے 5 ستمبر کے دوران پنجند کے مقام پر راوی، چناب اور ستلج کے سیلابی ریلے جمع ہوں گے تینوں دریاؤں سے آنے والے سیلابی ریلوں کی آمد کے باعث پنجند کے مقام پر شدید سیلابی صورتحال پیدا ہونے کا خدشہ ہے سیلابی صورتحال کے ممکنہ طور پر متاثرہ علاقوں کی نشاندہی کر لی جا چکی ہے اور متعلقہ پی ڈی ایم ایز کو بھی اس حوالے سے پیشگی آگاہ کر دیا گیا ہے حساس علاقوں کے مکین متعلقہ اداروں کی ہدایات پر عمل کریں اور اپنی حفاظت یقینی بنائیں سیلابی صورتحال کے خطرے سے دوچار علاقوں میں غیر ضروری سفر سے گریز کریں وزیراعظم کی خصوصی ہدایات پر تمام متعلقہ ادارے بروقت اور پیشگی اقدامات یقینی بنا رہے ہیں سیلاب متاثرین کو تقریباً 5 ہزار 700 ٹن امدادی سامان فراہم کیا جا چکا ہے متاثرین کو ضروری سامان کی فراہمی کے لیے تمام حکومتی ادارے، فلاحی ادارے اور افواج پاکستان مشترکہ طور پر کوشاں ہیں بہترین حکمت عملی اور طریقہ کار کو اپناتے ہوئے ضرورت مندوں تک امدادی سامان کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 27

[illegible] زیر آب آ گئیں۔ بھارتی ریاست پنجاب میں ڈھائی لاکھ سے زائد افراد متاثر ہوئے ہیں، فصلیں زیر آب آ چکی ہیں، دریائے راوی، ستلج اور بیاس میں پانی کی سطح خطرناک حد سے تجاوز کر گئی۔ ریاست ہماچل پردیش کو آفت زدہ قرار دے دیا گیا، دہلی میں دریائے جمنا میں پانی کی سطح خطرے کے نشان سے بڑھ گئی۔ دہلی میں بارشوں کے باعث نچلے علاقے زیر آب آ گئے، اسکولز اور دفاتر بھی بند کر دیے گئے، چنڈی گڑھ میں سکھنا جھیل کے فلڈ گیٹ کھول دیئے گئے، ریاست ہریانہ اور گروگرام شہر میں 100 ملی میٹر سے زائد بارش ریکارڈ کی گئی، محکمہ موسمیات نے بھارت میں آئندہ 7 روز تک مزید شدید بارشوں کی پیشگوئی کر دی ہے۔

بقیہ 28

پر عملدرآمد بنیادی اصول ہے۔ یہ قوانین محض ایک رسمی کارروائی نہیں بلکہ ہمارے برآمدی نظام کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، جو غذائی تحفظ، عوامی صحت اور ماحولیاتی انتظام کے بائیو سیکیورٹی کو یقینی بناتے ہیں۔" وفاقی وزیر کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے، محکمہ تحفظ نباتات (DPP)، وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے تحت، چاول، تل، کینو اور آم کی برآمدات کے شعبوں میں آئی ایس پی ایم قواعد کے مطابق سخت اقدامات کیے گئے، آم کے موجودہ سیزن 2025 میں متعدد اصلاحات کی گئیں، جن میں برآمدی مراکز پر عملے کی تعیناتی، معتبر PSI کمپنیوں کی شمولیت، سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنا، پیک اینڈ مانیٹرنگ، فائٹو سینیٹری سرٹیفکیٹ پر گاڑی کے نمبر اور سیریل نمبر کا اندراج، کھیپ کی تصاویر کے ساتھ کنسائنمنٹ کی تصدیق اور عملے کی تبدیلی شامل ہیں۔ یہ اقدامات حکومت کے شفاف اور معتبر سرٹیفکیشن سسٹم کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کی براہ راست ہدایت پر، محکمہ تحفظ نباتات نے 25 مئی 2025 کو جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر ایک بڑی خلاف ورزی کو روکا، پاکستان [illegible] جانے والے آموں کی تین کھیپیں، جن کا وزن 6.2 میٹرک ٹن اور مالیت 25,649 امریکی ڈالر تھی، یورپی یونین کے لازمی فائٹو سینیٹری قواعد کی کھلی خلاف ورزی پر روک دی گئیں۔

بقیہ 29

تبدیلیوں کا شکار ہونے والا اب سے بڑا ملک ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ چند برسوں میں موسمیاتی تغیرات کے باعث پیش آنے والی قدرتی آفات اور ان کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات نے نہ صرف پاکستان کے ترقیاتی عمل کی رفتار بلکہ ترقیاتی ڈھانچے کو بھی شدید متاثر کیا ہے۔ اسلامک سرکل آف نارتھ امریکہ کی فلاحی تنظیم ہیلپنگ ہینڈ کی جانب سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سفیر پاکستان نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی کا چیلنج اور اس کے مہلک اثرات کسی ایک ملک یا علاقے تک محدود نہیں بلکہ یہ عمل پوری دنیا کے لیے ایک سنگین چیلنج بن کر ابھرا ہے۔ انہوں نے عالمی سطح پر پیش آنے والے واقعات اور دنیا بھر میں ہونے والی تباہ کاریوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی کا چیلنج کسی ایک ملک یا علاقے تک نہیں بلکہ یہ پوری دنیا کے لیے مشترکہ چیلنج ہے اور عالمی برادری کو مل کر اس سے نمٹنے کے لیے کوششیں کرنا ہوں گی۔ دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ میں ملک کے صف اول کے کردار کا حوالہ دیتے ہوئے سفیر پاکستان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف صف اول کا کردار ادا کرنے والا ملک موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف نبرد آزما ہے۔

بقیہ 30

سیلاب متاثرہ علاقوں میں بجلی کی بحالی پر پاور ڈویژن نے رپورٹ جاری کی، رپورٹ کے مطابق میپکو کے علاقے ملتان، [illegible]، ساہیوال اور ڈی آئی خان کے 12 گرڈز اور 91 فیڈرز متاثر ہوئے، میپکو کے 85 فیڈرز مکمل اور 6 جزوی طور پر بحال ہوگئے، میپکو کے 463375 متاثرہ صارفین میں سے 459921 صارفین کیلئے بجلی بحال کر دی گئی، میپکو کے باقی 3454 متاثرہ صارفین کیلئے بجلی کی بحالی کا کام 4 سے 11 ستمبر تک مکمل کر لیا جائے گا، میپکو کے زیر انتظام علاقے صادق آباد اور ڈی آئی خان میں بجلی کی بحالی کا کام مکمل ہو چکا ہے، گیپکو کے 11 گرڈز اور 103 متاثرہ فیڈرز میں سے 83 فیڈرز مکمل اور 13 جزوی طور پر بحال ہو گئے ہیں، گیپکو کے 735995 متاثرہ صارفین میں سے 631495 صارفین کیلئے بجلی بحال کر دی گئی، گیپکو کے باقی 104500 متاثرہ صارفین کیلئے بجلی بحالی کا کام سیلاب کا پانی اترنے پر مکمل کر لیا جائے گا لیسکو میں لاہور، اوکاڑہ، شیخوپورہ، قصور اور ننکانہ کے 67 متاثرہ فیڈرز میں سے 31 مکمل اور 36 جزوی طور پر بحال ہو گئے۔

بقیہ 31

ہوئے کہا کہ عملہ کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور سروس ڈیلیوری کو بڑھانے کے لیے عوامی سہولت کیمپوں کا انعقاد کیا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ خصوصاً ایسے مقامات پر کیمپ لگائے جائیں جہاں صحت مراکز موجود نہیں تاکہ عوام کو زچہ و بچہ کی صحت، خوراک کی آگاہی اور بزرگوں کو جنرل ادویات کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ دوران حمل خواتین کی دیکھ بھال اور خوراک سے متعلق سادہ اور سستی معلومات فراہم کی جائیں تاکہ وہ مقامی سطح پر دستیاب پھل اور غذاؤں کے ذریعے اپنی صحت بہتر بنا سکیں اور اخراجات میں کمی ہو۔ اس موقع پر سیکرٹری بہبود آبادی نے ملازمین کے جملہ مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ اچھا کام کرنے والوں کو تعریفی اسناد کے ذریعے سراہا جائے گا جبکہ محکمانہ اہداف کے حصول میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 32

چوہدری اور رفاہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر انیس احمد نے کیے۔ اس موقع پر ڈاکٹر اقبال چوہدری نے کہا کہ یہ شراکت مسلم دنیا میں سائنسی استعداد کار بڑھانے اور جدت پر مبنی ترقی کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اشتراکات عالمی سطح پر درپیش نئے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے نہایت اہم ہیں۔ ڈاکٹر انیس احمد نے کہا کہ جامعات اور بین الاقوامی اداروں کے درمیان مضبوط روابط ناگزیر ہیں، اور اس نوعیت کا تعاون معاشروں کو تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی تقاضوں کے لیے تیار کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ معاہدے کے تحت دونوں ادارے مصنوعی ذہانت، بایوٹیکنالوجی، صحت عامہ، لائف اسٹائل میڈیسن، ماحولیاتی تبدیلی، انجینئرنگ سمیت مختلف شعبوں میں مشترکہ کام کریں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ کانفرنسز، تربیتی ورکشاپس اور طلبہ، محققین و اساتذہ کے تبادلہ پروگرام بھی منعقد کیے جائیں گے۔ کامسٹیک او آئی سی رکن ممالک سے آنے والے محققین اور اسکالرز کی معاونت کرے گا۔

بقیہ 33

[illegible] دی گئی۔ پریڈ میں ہائپرسونک میزائل، اینٹی شپ ہتھیاروں سمیت جدید ترین چینی فوجی ٹیکنالوجی کی نمائش کی گئی۔ فضائیہ، بحریہ، اور بری فوج سے وابستہ مرد و خواتین فوجیوں نے انتہائی چابکدستی سے پریڈ میں حصہ لیا اور صدر شی کو والہانہ انداز سے سلامی پیش کی۔ پریڈ میں طویل فاصلے تک مار کرنے والے بین البراعظمی نیوکلیئر ہتھیار بھی شامل تھے، اس حوالے سے دعویٰ کیا گیا کہ یہ ہتھیار دنیا میں کہیں بھی ہدف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتے ہیں، فوجیوں کے دستوں نے چھوٹی ٹکڑیوں میں ٹینکوں اور میزائل بردار فوجی گاڑیوں میں سوار ہو کر حیرت انگیز انداز سے پوزیشن لینے کا بھی مظاہرہ کیا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز 80 توپوں کی سلامی سے کیا گیا جس سے تیانمن سکوائر گونج اٹھا، اس سے پہلے چین کے صدر نے جنگ عظیم دوم میں حصہ لینے والے چینی فوجیوں سے ملاقات کی اور ان کی خدمات کو سراہا، سابق فوجیوں کی عمریں 90 برس یا اس سے بھی زیادہ ہیں اور ان کا تعلق پیپلز لبریشن آرمی، گوریلا فورسز اور کومینتانگ سے تھا، یہ وہ فوجی تھے جنہوں نے اس 14 برس کی جنگ میں جاپان کے خلاف مزاحمت کی جو 1945 میں جاپان کے غیر مشروط ہتھیار ڈالنے پر ختم ہوئی۔

بقیہ 34

میں دستیاب سہولیات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے ہسپتال میں دستیاب سہولیات کا معائنہ کیا اور ہسپتال میں موثر نظام، جدید ٹیکنالوجی اور بہترین خدمات کی فراہمی پر ہسپتال انتظامیہ کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے وزیر داخلہ محسن نقوی کو اسلام آباد میں زیر تعمیر منصوبوں اور وزارت صحت کو اسلام آباد میں زیر تعمیر جناح میڈیکل کمپلیکس اور دیگر ہسپتالوں میں اس ہسپتال کی طرز پر جدید، مضبوط اور پائیدار انفراسٹرکچر کا قیام کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں زیر تعمیر ہسپتالوں میں چین کی طرز پر معیاری سہولیات کی فراہمی کو ترجیح دی جائے۔ دورے کے دوران وزیراعظم کو ہسپتال میں دستیاب صحت کی سہولیات اور ہسپتال کے موثر انتظام کے لیے موجود روبوٹس اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کی سہولیات کا معائنہ کرایا گیا۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاءاللہ تارڑ اور اعلیٰ افسران وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 35

مسلمانوں کی بے دخلی کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ بھارتی وزارت داخلہ نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں غیر ملکیوں کے لیے حراستی مراکز قائم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا ہے غیر ملکی قرار دیے گئے افراد کو ان مراکز میں اس وقت تک رکھا جائے گا جب تک کہ انہیں ان کے ملک واپس نہیں بھیج دیا جاتا، آسام میں جاری مسلم مخالف مہم کے دوران جون اور جولائی 2025 کے دوران 3,300 سے زائد بنگالی نژاد مسلم خاندانوں کو ریاستی کارروائی کے ذریعے بے دخل کیا گیا۔ دی انڈین ایکسپریس کے مطابق، ریاستی حکومتیں، یونین ٹیریٹری، ڈسٹرکٹ کلکٹر یا مجسٹریٹ یہ فیصلہ کر سکتا ہے کہ آیا کوئی شخص قانون کے تحت غیر ملکی ہے یا نہیں اور اس سلسلے میں فیصلہ لینے کے لیے بھارتی حکومت کی طرف سے قائم کردہ فارنرز ٹریبونل کے پاس کیس بھیج سکتی ہے۔ فارنرز ٹریبونل میں زیادہ سے زیادہ تین ممبران ہوں گے جو عدالتی تجربہ رکھتے ہوں گے۔ اگر کوئی شخص یہ ثابت نہیں کر سکتا کہ وہ غیر ملکی نہیں ہے اور ضمانت نہیں دے پاتا تو اسے ہولڈنگ سینٹر میں رکھا جائے گا۔ وزارت داخلہ نے کہا کہ اگر کوئی غیر ملکی سنگین جرائم کا مرتکب پایا جاتا ہے تو اسے ہندوستان میں داخل ہونے یا رہنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 36

لوگ خراج تحسین پیش کرنے کیلئے سڑکوں پر آ گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اٹلی کے شہر جینوا میں پچاس ہزار افراد سڑکوں پر نکل آئے، جو غزہ کا محاصرہ توڑنے کے لیے روانہ ہونے والے فریڈم فلوٹیلا کو خراج تحسین پیش کر رہے تھے۔ لوگوں کے ہاتھوں میں بڑی بڑی پلے کارڈز، فلسطینی پرچم اور غزہ کے حق میں

بقیہ 37

جاری شیڈول کے مطابق ان مقدمات کی جیل ٹرائل ہونا تھا مگر ایک بار پھر جیل ٹرائل موخر کر دیا گیا اور سماعت راولپنڈی کی کچہری عدالت میں ہوئی جہاں صرف حاضری لگائی گئی۔ سرکاری پراسیکیوٹر ظہیر علی شاہ، وکلاء صفائی ملک فیصل ایڈووکیٹ اور حسنین سنبل ایڈووکیٹ عدالت پہنچے جبکہ سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد بھی سماعت کے موقع پر موجود تھے۔ عدالت نے تحریک انصاف کے سینئر رہنماؤں عمر ایوب اور شبلی فراز کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیا تھا تاہم کیس پر کوئی مزید کارروائی نہ ہو سکی۔ جی ایچ کیو حملہ کیس میں مجموعی طور پر 119 گواہان کی فہرست موجود ہے لیکن اب تک صرف 27 کے بیانات قلمبند کیے جا سکے ہیں دیگر 11 مقدمات میں جی ایچ کیو گیٹ 4 پر حملے کا کیس بھی شامل ہے۔ ذرائع کے مطابق اگلی سماعت پر جج کی دستیابی کی صورت میں باقاعدہ کارروائی شروع ہونے کی توقع ہے جبکہ سیکورٹی اور قانونی پیچیدگیوں کے باعث جیل ٹرائل کی تاریخ ایک بار پھر غیر یقینی کا شکار ہو گئی۔

بقیہ 38

مرکزی صدر آزاد کشمیر راجہ غلام جیلانی خان کی قیادت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مرکزی سیکریٹری جنرل ہیڈ محمد وقاص خان مغل سمیت دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل فیصلہ جات کئے گئے صدر اور سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ ماضی میں ایڈہاک (سکیل بی-16 و بالا) اور عارضی (سکیل بی-01 تا بی-15) ملازمین جریدہ (سکیل بی-16 و بالا) و غیر جریدہ (سکیل بی-01 تا بی-15) اکٹھے ایک ہی پلیٹ فارم سے مستقلی کیلئے کوشش کر رہے تھے لیکن اب ایڈہاک (گزیٹڈ بی-16 و بالا) اور عارضی (نان گزیٹڈ بی-01 تا 15) ملازمین روزگار بچاؤ تحریک کے اپنے اپنے پلیٹ فارم بن چکے ہیں جس سے وہ اپنی اپنی سطح سے مستقلی کیلئے کوشش کر رہے ہیں اور روزگار بچاؤ تحریک عارضی، کنٹریکٹ ملازمین نے مورخہ 02 ستمبر 2025 کو احتجاج کی کال دے رکھی تھی جو حکومتی نمائندہ کے اس یقین دہانی پر موخر کی گئی ہے کہ حکومت 07 ستمبر 2025 تک غیر جریدہ سکیل بی-01 تا بی-15 عارضی و کنٹریکٹ ملازمین کے معاملات کو بہرصورت مستقلی کے حوالہ سے واضح لائحہ عمل دیتے ہوئے تمام معاملات یکسو کرے گی۔ اگر مورخہ 07 ستمبر 2025 تک حکومت آزاد کشمیر نے غیر جریدہ (سکیل بی-01 تا بی-15) کے ملازمین کو مستقل کرنے کے بارہ میں کوئی واضح نوٹیفکیشن کی اجرائیگی عمل میں نہ لائی تو آزاد کشمیر بھر کے تمام عارضی، کنٹریکٹ کنٹیجنٹ ملازمین غیر معینہ مدت کیلئے مورخہ 08 ستمبر 2025 کو احتجاج / دھرنا شروع کریں گے نیز اس وقت تک احتجاج / دھرنا جاری رہے گا جب تک تمام ملازمین کو مستقل نہ کیا جاتا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ آزاد کشمیر بھر میں جریدہ (سکیل بی-16 و بالا) اور غیر جریدہ (سکیل بی-01 تا 15) ملازمین کی ریکروٹمنٹ پالیسی قطعاً علیحدہ علیحدہ ہیں۔ نیز پاکستان کے چاروں صوبہ جات بشمول گلگت بلتستان میں غیر جریدہ (سکیل بی-01 تا بی-15) کے ملازمین کو مستقل کر دیا گیا ہے۔ جس بنا پر آزاد حکومت بھی جلد از جلد تمام غیر جریدہ (سکیل بی-01 تا بی-15) ملازمین کے حقوق کو سلب کرنے کے بجائے ترجیحی بنیادوں پر معاملہ کو یکسو کرے۔ ماضی میں بھی ہمارے ساتھ جھوٹے وعدے کر کے ہمارا دھرنا ختم کروائے جاتے رہے ہیں انشاء اللہ اس مرتبہ دھرنے میں اپنی مستقلی کا نوٹیفکیشن لیں گے۔

بقیہ 39

گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ پاک مرحومہ کے درجات بلند اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ دریں اثناء کشمیر کونسل کے ممبر خواجہ طارق سعید ایڈووکیٹ نے ہالن شمالی سے پرنسپل (ر) راجہ مشتاق [illegible] کیانی کی ہمشیرہ محترمہ کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ پاک مرحومہ کے درجات بلند اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے

بقیہ 40

گرفتاری خارج کر دی۔ جبکہ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ خان آفریدی نے ریمارکس دیئے ہیں کہ کیا درخواست گزار افغان شہری نہیں، کون گارنٹی دے گا کہ وہ رہائی کے بعد افغانستان فرار نہیں ہوگا، مناسب نہیں ہوگا درخواست گزار کو ضمانت دیں۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں جسٹس محمد شفیع صدیقی اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب پر مشتمل 3 رکنی بنچ نے بدھ کے روز کیس کی سماعت کی۔ بنچ نے دستی بم برآمدگی کیس میں گرفتار افغان شہری ابوذر المعروف عمر کی جانب سے ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا کے توسط سے ریاست پاکستان کے خلاف دائر درخواست ضمانت بعد از گرفتاری پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے خضر حیات بطور وکیل پیش ہوئے جبکہ کے پی حکومت کی جانب سے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل الطاف خان پیش ہوئے۔ ملزم کے خلاف انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997 اور تعزیرات پاکستان کی مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ چیف جسٹس کا سماعت کے آغاز پر درخواست گزار کے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ سے دستی بم برآمد ہوا ہے اس کو رہنے دیں، ٹرائل کس مرحلہ پر ہے۔ اس پر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کے پی نے بتایا کہ کیس میں چالان دائر ہو چکا ہے، ٹرائل کورٹ میں 9 ستمبر 2025 کو کیس سماعت کے لیے مقرر ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ کیا درخواست گزار افغان شہری نہیں، کون گارنٹی دے گا کہ وہ رہائی کے بعد افغانستان فرار نہیں ہوگا، مناسب نہیں ہوگا درخواست گزار کو ضمانت دیں۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ کیس میں چالان جمع ہو چکا ہے اور کیس کی آئندہ تاریخ 9 ستمبر 2025 کو مقرر ہے، سرکاری وکیل نے یقین دہانی کروائی ہے کہ ٹرائل میں کوئی تاخیر نہیں ہوگی اور کوئی غیر ضروری التواء نہیں لیا جائے گا۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ ہم کوئی ایسی فائنڈنگ نہیں دیں گے جس سے کسی بھی فریق کے ٹرائل کورٹ میں کیس متاثر ہونے کا خدشہ ہو۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ توقع ہے کہ ٹرائل کورٹ جلد از جلد کیس کا فیصلہ کرے گی۔ جبکہ بنچ نے اقدام قتل کیس میں نامزد ملزم شمشاد احمد عرف بلال کی جانب سے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کے توسط سے ریاست پاکستان کے خلاف دائر درخواست ضمانت قبل از گرفتاری پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے محمد نوید شبیر بطور وکیل پیش ہوئے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ملزم نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کیا ہے ہم کیوں ضمانت قبل از گرفتاری دیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہائی کورٹ نے درست طور پر ملزم کی ضمانت قبل از گرفتاری خارج کی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہم کوئی ایسی فائنڈنگ نہیں دیں گے جس سے ٹرائل میں کسی فریق کا کیس خراب ہو۔ عدالت نے درخواست ضمانت قبل از گرفتاری خارج کر دی جبکہ بنچ نے دی گلوبل سپلائی چین (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لاہور کی جانب سے انکم ٹیکس کے معاملہ پر کمشنر ان لینڈ ریونیو لاہور اور دیگر کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے محمد اجمل خان بطور وکیل پیش ہوئے جبکہ ایف بی آر کی جانب سے صبا سعد بطور وکیل پیش ہوئیں۔ جسٹس محمد شفیع صدیقی کا درخواست گزار کے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہنا تھا کہ آپ نے ٹیکس گوشواروں میں ایک رقم ظاہر کر دی، ایف بی آر والے انکوائری کر رہے ہیں اور آپ بھاگ رہے ہیں

بقیہ 41

ایم این ایز کو [illegible] کا پیغام پہنچایا ہے۔ راولپنڈی میں انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ تمام پارٹی رہنماؤں کو بتایا گیا ہے کہ سیلاب زدگان کی جیب سے مدد کریں، کالاباغ ڈیم پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا بیان پارٹی پالیسی نہیں جو بھی بات ہوئی ہے وہ ذاتی رائے ہو سکتی ہے پارٹی پالیسی نہیں، کالاباغ ڈیم پر سندھ اور کے پی میں بھی کچھ لوگوں کے تحفظات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی ہم آہنگی اور اطمینان نہ ہو تب تک کوئی منصوبہ نہیں لگنا چاہیے، 2 صوبوں کے درمیان تنازع سے وفاق کو بھی نقصان ہوگا۔ یہ بھی پڑھیں: مزید 10 سال رانا ثنا اللہ کے دعوے نے اپوزیشن میں ہلچل مچا دی، سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ صدارتی نظام بھی پی ٹی آئی کی پارٹی پالیسی نہیں، موجودہ پارلیمنٹ فارم 47 کی پارلیمنٹ ہے، پارلیمنٹ کا استحقاق نہیں آئینی ترمیم کر کے صدارتی نظام رائج کرے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ میرے خلاف درج مقدمات میں کچھ نہیں یہ سارے جھوٹے مقدمے ہیں۔ ہر دفعہ تاریخ پڑ جاتی ہے لیکن ابھی چھوٹے مقدمات میں سزا ابھی دیں گے، عدالتوں سے امید تو نہیں لیکن کبھی کبھار ریلیف دینا عدالت کی مجبوری بن جاتی ہے، جہاں کوئی شہادت گواہی نہ ہو پھر بھی سزائیں دی جائیں تو کیا امید رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اس قسم کا ریلیف ملتا ہے جہاں عدالت بے بس ہو جاتی ہے۔

بقیہ 42

کہا گیا کہ قابض اسرائیل کی فوج شدید فضائی بمباری کے ساتھ روبوٹک ڈرونز استعمال کر رہی ہے جن میں بھاری مقدار میں دھماکہ خیز مواد نصب ہوتا ہے اور انہیں رہائشی علاقوں میں پھینکا جا رہا ہے، جسے بین الاقوامی قوانین اور انسانی قوانین کی بے مثال خلاف ورزی قرار دیا گیا۔ حماس نے کہا کہ نیتن یاہو کی حکومت شہریوں کے خلاف کھلی جنگ چھیڑ رہی ہے، خصوصاً غزہ شہر میں، اور یہ منصوبہ جبری نقل مکانی اور اجتماعی قتل عام پر مبنی ہے جسے قابض اسرائیل قتل و تباہی کے ذریعے نافذ کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ حماس نے کہا کہ قابض اسرائیل نے الدرج کے علاقے میں ایک ہولناک قتل عام کیا جس میں الغف خاندان کے دس سے زائد افراد شہید ہوئے، زیادہ تر خواتین اور بچے، جبکہ خان یونس میں مواصی کے علاقے میں بھی ایک اور قتل عام ہوا جس میں گیارہ شہری شہید ہوئے جن میں سات بچے شامل تھے جب وہ پانی بھر رہے تھے اور ڈرون حملے کا شکار ہوئے۔ حماس نے کہا کہ یہ جرائم بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی انسانی قانون کی واضح خلاف ورزی ہیں اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے فوری مداخلت کی اپیل کی تاکہ وحشیانہ نسل کشی کو روکا جائے اور ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ حماس نے عرب و اسلامی ممالک اور دنیا کے آزاد لوگوں سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ قابض اسرائیل کی غزہ میں جاری نسل کشی کے جرائم کے خلاف فوری اور موثر اقدامات کریں اور اس کے منصوبوں کا مقابلہ کریں جو پورے خطے کی سلامتی اور امن کے لیے خطرہ ہیں۔

بقیہ 43

شپ میں آزاد کشمیر بھر سے 10 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ ایونٹ کے میچز جلال آباد سپورٹس کمپلیکس مظفرآباد میں کھیلے جا رہے ہیں۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی مقامی بریگیڈ کمانڈر نے ایونٹ میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں سے ملاقات بھی کی۔ ایونٹ کا افتتاحی کوٹلی اور پونچھ کی ٹیموں کے مابین کھیلا گیا۔ محکمہ اسپورٹس یوتھ و کلچر کی ڈپٹی سیکرٹری سپورٹس محترمہ تہذیب النساء نے کھلاڑیوں کو چیمپئن شپ کے لیے شرکت بھی دی۔

بقیہ 44

مسلمانوں کی بے دخلی کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ بھارتی وزارت داخلہ نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں غیر ملکیوں کے لیے حراستی مراکز قائم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا ہے غیر ملکی قرار دیے گئے افراد کو ان مراکز میں اس وقت تک رکھا جائے گا جب تک کہ انہیں ان کے ملک واپس نہیں بھیج دیا جاتا، آسام میں جاری مسلم مخالف مہم کے دوران جون اور جولائی 2025 کے دوران 3,300 سے زائد بنگالی نژاد مسلم خاندانوں کو ریاستی کارروائی کے ذریعے بے دخل کیا گیا۔ دی انڈین ایکسپریس کے مطابق، ریاستی حکومتیں، یونین ٹیریٹری، ڈسٹرکٹ کلکٹر یا مجسٹریٹ یہ فیصلہ کر سکتا ہے کہ آیا کوئی شخص قانون کے تحت غیر ملکی ہے یا نہیں اور اس سلسلے میں فیصلہ لینے کے لیے بھارتی حکومت کی طرف سے قائم کردہ فارنرز ٹریبونل کے پاس کیس بھیج سکتی ہے۔ فارنرز ٹریبونل میں زیادہ سے زیادہ تین ممبران ہوں گے جو عدالتی تجربہ رکھتے ہوں گے۔ اگر کوئی شخص یہ ثابت نہیں کر سکتا کہ وہ غیر ملکی نہیں ہے اور ضمانت نہیں دے پاتا تو اسے ہولڈنگ سینٹر میں رکھا جائے گا۔ وزارت داخلہ نے کہا کہ اگر کوئی غیر ملکی سنگین جرائم کا مرتکب پایا جاتا ہے تو اسے ہندوستان میں داخل ہونے یا رہنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 45

لوگ خراج تحسین پیش کرنے کیلئے سڑکوں پر آ گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اٹلی کے شہر جینوا میں پچاس ہزار افراد سڑکوں پر نکل آئے، جو غزہ کا محاصرہ توڑنے کے لیے روانہ ہونے والے فریڈم فلوٹیلا کو خراج تحسین پیش کر رہے تھے۔ لوگوں کے ہاتھوں میں بڑی بڑی پلے کارڈز، فلسطینی پرچم اور غزہ کے حق میں

بقیہ 46

جاری شیڈول کے مطابق ان مقدمات کی جیل ٹرائل ہونا تھا مگر ایک بار پھر جیل ٹرائل موخر کر دیا گیا اور سماعت راولپنڈی کی کچہری عدالت میں ہوئی جہاں صرف حاضری لگائی گئی۔ سرکاری پراسیکیوٹر ظہیر علی شاہ، وکلاء صفائی ملک فیصل ایڈووکیٹ اور حسنین سنبل ایڈووکیٹ عدالت پہنچے جبکہ سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد بھی سماعت کے موقع پر موجود تھے۔ عدالت نے تحریک انصاف کے سینئر رہنماؤں عمر ایوب اور شبلی فراز کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیا تھا تاہم کیس پر کوئی مزید کارروائی نہ ہو سکی۔ جی ایچ کیو حملہ کیس میں مجموعی طور پر 119 گواہان کی فہرست موجود ہے لیکن اب تک صرف 27 کے بیانات قلمبند کیے جا سکے ہیں دیگر 11 مقدمات میں جی ایچ کیو گیٹ 4 پر حملے کا کیس بھی شامل ہے۔ ذرائع کے مطابق اگلی سماعت پر جج کی دستیابی کی صورت میں باقاعدہ کارروائی شروع ہونے کی توقع ہے جبکہ سیکورٹی اور قانونی پیچیدگیوں کے باعث جیل ٹرائل کی تاریخ ایک بار پھر غیر یقینی کا شکار ہو گئی۔

بقیہ 47

مرکزی صدر آزاد کشمیر راجہ غلام جیلانی خان کی قیادت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مرکزی سیکریٹری جنرل ہیڈ محمد وقاص خان مغل سمیت دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل فیصلہ جات کئے گئے صدر اور سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ ماضی میں ایڈہاک (سکیل بی-16 و بالا) اور عارضی (سکیل بی-01 تا بی-15) ملازمین جریدہ (سکیل بی-16 و بالا) و غیر جریدہ (سکیل بی-01 تا بی-15) اکٹھے ایک ہی پلیٹ فارم سے مستقلی کیلئے کوشش کر رہے تھے لیکن اب ایڈہاک (گزیٹڈ بی-16 و بالا) اور عارضی (نان گزیٹڈ بی-01 تا 15) ملازمین روزگار بچاؤ تحریک کے اپنے اپنے پلیٹ فارم بن چکے ہیں جس سے وہ اپنی اپنی سطح سے مستقلی کیلئے کوشش کر رہے ہیں اور روزگار بچاؤ تحریک عارضی، کنٹریکٹ ملازمین نے مورخہ 02 ستمبر 2025 کو احتجاج کی کال دے رکھی تھی جو حکومتی نمائندہ کے اس یقین دہانی پر موخر کی گئی ہے کہ حکومت 07 ستمبر 2025 تک غیر جریدہ سکیل بی-01 تا بی-15 عارضی و کنٹریکٹ ملازمین کے معاملات کو بہرصورت مستقلی کے حوالہ سے واضح لائحہ عمل دیتے ہوئے تمام معاملات یکسو کرے گی۔ اگر مورخہ 07 ستمبر 2025 تک حکومت آزاد کشمیر نے غیر جریدہ (سکیل بی-01 تا بی-15) کے ملازمین کو مستقل کرنے کے بارہ میں کوئی واضح نوٹیفکیشن کی اجرائیگی عمل میں نہ لائی تو آزاد کشمیر بھر کے تمام عارضی، کنٹریکٹ کنٹیجنٹ ملازمین غیر معینہ مدت کیلئے مورخہ 08 ستمبر 2025 کو احتجاج / دھرنا شروع کریں گے نیز اس وقت تک احتجاج / دھرنا جاری رہے گا جب تک تمام ملازمین کو مستقل نہ کیا جاتا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ آزاد کشمیر بھر میں جریدہ (سکیل بی-16 و بالا) اور غیر جریدہ (سکیل بی-01 تا 15) ملازمین کی ریکروٹمنٹ پالیسی قطعاً علیحدہ علیحدہ ہیں۔ نیز پاکستان کے چاروں صوبہ جات بشمول گلگت بلتستان میں غیر جریدہ (سکیل بی-01 تا بی-15) کے ملازمین کو مستقل کر دیا گیا ہے۔ جس بنا پر آزاد حکومت بھی جلد از جلد تمام غیر جریدہ (سکیل بی-01 تا بی-15) ملازمین کے حقوق کو سلب کرنے کے بجائے ترجیحی بنیادوں پر معاملہ کو یکسو کرے۔ ماضی میں بھی ہمارے ساتھ جھوٹے وعدے کر کے ہمارا دھرنا ختم کروائے جاتے رہے ہیں انشاء اللہ اس مرتبہ دھرنے میں اپنی مستقلی کا نوٹیفکیشن لیں گے۔

بقیہ 48

گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ پاک مرحومہ کے درجات بلند اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ دریں اثناء کشمیر کونسل کے ممبر خواجہ طارق سعید ایڈووکیٹ نے ہالن شمالی سے پرنسپل (ر) راجہ مشتاق [illegible] کیانی کی ہمشیرہ محترمہ کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ پاک مرحومہ کے درجات بلند اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے

بقیہ 49

گرفتاری خارج کر دی۔ جبکہ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ خان آفریدی نے ریمارکس دیئے ہیں کہ کیا درخواست گزار افغان شہری نہیں، کون گارنٹی دے گا کہ وہ رہائی کے بعد افغانستان فرار نہیں ہوگا، مناسب نہیں ہوگا درخواست گزار کو ضمانت دیں۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں جسٹس محمد شفیع صدیقی اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب پر مشتمل 3 رکنی بنچ نے بدھ کے روز کیس کی سماعت کی۔ بنچ نے دستی بم برآمدگی کیس میں گرفتار افغان شہری ابوذر المعروف عمر کی جانب سے ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا کے توسط سے ریاست پاکستان کے خلاف دائر درخواست ضمانت بعد از گرفتاری پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے خضر حیات بطور وکیل پیش ہوئے جبکہ کے پی حکومت کی جانب سے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل الطاف خان پیش ہوئے۔ ملزم کے خلاف انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997 اور تعزیرات پاکستان کی مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ چیف جسٹس کا سماعت کے آغاز پر درخواست گزار کے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ سے دستی بم برآمد ہوا ہے اس کو رہنے دیں، ٹرائل کس مرحلہ پر ہے۔ اس پر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کے پی نے بتایا کہ کیس میں چالان دائر ہو چکا ہے، ٹرائل کورٹ میں 9 ستمبر 2025 کو کیس سماعت کے لیے مقرر ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ کیا درخواست گزار افغان شہری نہیں، کون گارنٹی دے گا کہ وہ رہائی کے بعد افغانستان فرار نہیں ہوگا، مناسب نہیں ہوگا درخواست گزار کو ضمانت دیں۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ کیس میں چالان جمع ہو چکا ہے اور کیس کی آئندہ تاریخ 9 ستمبر 2025 کو مقرر ہے، سرکاری وکیل نے یقین دہانی کروائی ہے کہ ٹرائل میں کوئی تاخیر نہیں ہوگی اور کوئی غیر ضروری التواء نہیں لیا جائے گا۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ ہم کوئی ایسی فائنڈنگ نہیں دیں گے جس سے کسی بھی فریق کے ٹرائل کورٹ میں کیس متاثر ہونے کا خدشہ ہو۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ توقع ہے کہ ٹرائل کورٹ جلد از جلد کیس کا فیصلہ کرے گی۔ جبکہ بنچ نے اقدام قتل کیس میں نامزد ملزم شمشاد احمد عرف بلال کی جانب سے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کے توسط سے ریاست پاکستان کے خلاف دائر درخواست ضمانت قبل از گرفتاری پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے محمد نوید شبیر بطور وکیل پیش ہوئے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ملزم نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کیا ہے ہم کیوں ضمانت قبل از گرفتاری دیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہائی کورٹ نے درست طور پر ملزم کی ضمانت قبل از گرفتاری خارج کی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہم کوئی ایسی فائنڈنگ نہیں دیں گے جس سے ٹرائل میں کسی فریق کا کیس خراب ہو۔ عدالت نے درخواست ضمانت قبل از گرفتاری خارج کر دی جبکہ بنچ نے دی گلوبل سپلائی چین (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لاہور کی جانب سے انکم ٹیکس کے معاملہ پر کمشنر ان لینڈ ریونیو لاہور اور دیگر کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے محمد اجمل خان بطور وکیل پیش ہوئے جبکہ ایف بی آر کی جانب سے صبا سعد بطور وکیل پیش ہوئیں۔ جسٹس محمد شفیع صدیقی کا درخواست گزار کے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہنا تھا کہ آپ نے ٹیکس گوشواروں میں ایک رقم ظاہر کر دی، ایف بی آر والے انکوائری کر رہے ہیں اور آپ بھاگ رہے ہیں

بقیہ 50

ایم این ایز کو [illegible] کا پیغام پہنچایا ہے۔ راولپنڈی میں انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ تمام پارٹی رہنماؤں کو بتایا گیا ہے کہ سیلاب زدگان کی جیب سے مدد کریں، کالاباغ ڈیم پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا بیان پارٹی پالیسی نہیں جو بھی بات ہوئی ہے وہ ذاتی رائے ہو سکتی ہے پارٹی پالیسی نہیں، کالاباغ ڈیم پر سندھ اور کے پی میں بھی کچھ لوگوں کے تحفظات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی ہم آہنگی اور اطمینان نہ ہو تب تک کوئی منصوبہ نہیں لگنا چاہیے، 2 صوبوں کے درمیان تنازع سے وفاق کو بھی نقصان ہوگا۔ یہ بھی پڑھیں: مزید 10 سال رانا ثنا اللہ کے دعوے نے اپوزیشن میں ہلچل مچا دی، سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ صدارتی نظام بھی پی ٹی آئی کی پارٹی پالیسی نہیں، موجودہ پارلیمنٹ فارم 47 کی پارلیمنٹ ہے، پارلیمنٹ کا استحقاق نہیں آئینی ترمیم کر کے صدارتی نظام رائج کرے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ میرے خلاف درج مقدمات میں کچھ نہیں یہ سارے جھوٹے مقدمے ہیں۔ ہر دفعہ تاریخ پڑ جاتی ہے لیکن ابھی چھوٹے مقدمات میں سزا ابھی دیں گے، عدالتوں سے امید تو نہیں لیکن کبھی کبھار ریلیف دینا عدالت کی مجبوری بن جاتی ہے، جہاں کوئی شہادت گواہی نہ ہو پھر بھی سزائیں دی جائیں تو کیا امید رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اس قسم کا ریلیف ملتا ہے جہاں عدالت بے بس ہو جاتی ہے۔

بقیہ 51

کہا گیا کہ قابض اسرائیل کی فوج شدید فضائی بمباری کے ساتھ روبوٹک ڈرونز استعمال کر رہی ہے جن میں بھاری مقدار میں دھماکہ خیز مواد نصب ہوتا ہے اور انہیں رہائشی علاقوں میں پھینکا جا رہا ہے، جسے بین الاقوامی قوانین اور انسانی قوانین کی بے مثال خلاف ورزی قرار دیا گیا۔ حماس نے کہا کہ نیتن یاہو کی حکومت شہریوں کے خلاف کھلی جنگ چھیڑ رہی ہے، خصوصاً غزہ شہر میں، اور یہ منصوبہ جبری نقل مکانی اور اجتماعی قتل عام پر مبنی ہے جسے قابض اسرائیل قتل و تباہی کے ذریعے نافذ کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ حماس نے کہا کہ قابض اسرائیل نے الدرج کے علاقے میں ایک ہولناک قتل عام کیا جس میں الغف خاندان کے دس سے زائد افراد شہید ہوئے، زیادہ تر خواتین اور بچے، جبکہ خان یونس میں مواصی کے علاقے میں بھی ایک اور قتل عام ہوا جس میں گیارہ شہری شہید ہوئے جن میں سات بچے شامل تھے جب وہ پانی بھر رہے تھے اور ڈرون حملے کا شکار ہوئے۔ حماس نے کہا کہ یہ جرائم بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی انسانی قانون کی واضح خلاف ورزی ہیں اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے فوری مداخلت کی اپیل کی تاکہ وحشیانہ نسل کشی کو روکا جائے اور ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ حماس نے عرب و اسلامی ممالک اور دنیا کے آزاد لوگوں سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ قابض اسرائیل کی غزہ میں جاری نسل کشی کے جرائم کے خلاف فوری اور موثر اقدامات کریں اور اس کے منصوبوں کا مقابلہ کریں جو پورے خطے کی سلامتی اور امن کے لیے خطرہ ہیں۔

بقیہ 52

شپ میں آزاد کشمیر بھر سے 10 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ ایونٹ کے میچز جلال آباد سپورٹس کمپلیکس مظفرآباد میں کھیلے جا رہے ہیں۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی مقامی بریگیڈ کمانڈر نے ایونٹ میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں سے ملاقات بھی کی۔ ایونٹ کا افتتاحی کوٹلی اور پونچھ کی ٹیموں کے مابین کھیلا گیا۔ محکمہ اسپورٹس یوتھ و کلچر کی ڈپٹی سیکرٹری سپورٹس محترمہ تہذیب النساء نے کھلاڑیوں کو چیمپئن شپ کے لیے شرکت بھی دی۔

بقیہ 53

سلسلہ جاری رہے گا نارووال، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، گجرات، لاہور میں پچھلے 24 گھنٹوں میں شدید بارشیں ہوئی اس سلسلہ کے زیر اثر 6 ستمبر سے ملک کے جنوبی علاقوں بشمول جنوبی پنجاب اور جنوبی سندھ میں بارشوں کا امکان ہے ملک کے ساحلی علاقے بشمول بدین، سجاول اور تھرپارکر میں شدید بارشوں کا امکان ہے

Editorial ادارتی صفحہ

روزنامہ
کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ★ ایڈیٹر: عمر خیام

بورڈ آف ریونیو کے اہم فیصلے

آزاد جموں و کشمیر کے دارالحکومت مظفرآباد میں سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو سردار ظفر خان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں متاثرین آفات سماوی کی بروقت امداد اور شفاف ادائیگیوں کو یقینی بنانے پر زور دینا ایک نہایت اہم اور بروقت اقدام ہے۔ قدرتی آفات کے نتیجے میں متاثرہ عوام کو فوری ریلیف پہنچانا نہ صرف حکومت کی آئینی اور قانونی ذمہ داری ہے بلکہ انسانی ہمدردی کا تقاضا بھی ہے۔ اس اجلاس میں کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کی شمولیت، چاہے وہ بالمشافہ ہو یا بذریعہ ویڈیو لنک، اس امر کی غمازی کرتی ہے کہ حکومت پورے خطے میں مسائل کے حل اور ریلیف کے نظام کو مربوط بنانے کی خواہاں ہے۔ تاہم ماضی کے تجربات یہ بتاتے ہیں کہ محض اجلاس منعقد کرنے اور اعلانات کرنے سے عوامی مشکلات ختم نہیں ہوتیں۔ اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب متاثرین کے دروازوں تک انصاف اور ریلیف پہنچے گا۔ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نے جس انداز میں زیر التواء انکوائریز کو فوری طور پر یکسو کرنے اور عدالتوں میں دائر مقدمات کو جلد نمٹانے کی ہدایات دیں، وہ ایک مثبت پیش رفت ہے۔

انصاف میں تاخیر انصاف سے محرومی کے مترادف ہے، لہٰذا اس جانب عملی اقدامات کی اشد ضرورت ہے۔ اگر متاثرین زمینوں کے حصول یا معاوضہ جات کے معاملات میں سالہا سال انتظار کرتے رہیں تو یہ نظام پر عدم اعتماد کو جنم دیتا ہے۔ مزید برآں، بارشوں اور حالیہ قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات کی تفصیلات آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کا فیصلہ اس بات کا مظہر ہے کہ حکومت صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ لیکن اصل سوال یہ ہے کہ ان رپورٹس کے بعد عملی اقدامات کتنی تیزی سے کیے جائیں گے۔ متاثرین کو صرف تسلیاں نہیں بلکہ حقیقی ریلیف چاہیے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ بورڈ آف ریونیو کے اس اجلاس میں سامنے آنے والی ہدایات پر عملدرآمد ہی اصل کسوٹی ہوگی۔ شفافیت، بروقت فیصلے اور متاثرین کو جلد انصاف کی فراہمی حکومت کا امتحان ہے۔ عوام کی نگاہیں ان اداروں پر لگی ہیں اور وقت کا تقاضا یہی ہے کہ اجلاسوں کی کارروائی کاغذوں تک محدود نہ رہے بلکہ عملی شکل اختیار کرے۔

یوم دفاع، یوم فضائیہ اور یوم بحریہ نئے جوش کے ساتھ

عبدالباسط علوی

اس سال پاکستان 6 ستمبر کو یوم دفاع، 7 ستمبر کو یوم فضائیہ اور 8 ستمبر کو یوم بحریہ کو قومی فخر کی ایک بے مثال لہر، شکرگزاری کے گہرے احساس اور اپنی مسلح افواج کی طاقت اور صلاحیت پر گہرے اطمینان کے ایک اجتماعی احساس کے ساتھ منا رہا ہے۔ ان یادگاری دنوں، جو ہمیشہ قومی کیلنڈر میں اہم ہوتے ہیں، نے حالیہ فوجی آپریشنز جیسے کہ معرکہ حق اور بنیان مرصوص میں پاک فوج کی مثالی کارکردگی کی روشنی میں ایک نیا اور کہیں زیادہ گہرا مطلب اختیار کر لیا ہے۔ ان انتہائی کامیاب مہمات نے نہ صرف روایتی اور غیر روایتی دونوں محاذوں پر مسلح افواج کی آپریشنل ساکھ کو مضبوط کیا ہے، بلکہ دشمنوں اور اتحادیوں کو یکساں طور پر ایک گونجتا ہوا اور غیر مبہم پیغام بھی بھیجا ہے کہ پاکستان کا دفاع نہ صرف مضبوط ہے بلکہ یہ حقیقت میں ناقابل تسخیر ہے۔ قومی فخر کا یہ بڑھتا ہوا احساس اب معاشرے کے تمام شعبوں میں گہرا اور وسیع ہو گیا ہے، جو مصروف شہری مراکز سے لے کر دور دراز اور انتہائی سرحدی علاقوں تک پھیل گیا ہے، کیونکہ پاکستانی اجتماعی طور پر اپنی خودمختاری کے محافظوں پر اپنے گہرے اعتماد کی دوبارہ تصدیق کر رہے ہیں۔ ان دفاعی ایام کا مشاہدہ محض رسمی نہیں ہے بلکہ یہ قومی احتساب کا ایک گہرا لمحہ ہے، ان لوگوں کی بے پناہ قربانیوں کو یاد کرنے کا لمحہ ہے جو وردی پہنتے ہیں اور ایک ایسے خطے کی ہمیشہ بدلتی ہوئی سیکورٹی حرکیات کو تسلیم کرنے کا لمحہ ہے جو پیچیدہ اور کثیر جہتی چیلنجوں کی ایک صف کا سامنا کرتا رہتا ہے۔ تاہم، اس سال کا لہجہ خاص طور پر زیادہ پراعتماد اور پرعزم ہے۔

معرکہ حق اور بنیان مرصوص میں آپریشنل فتوحات نے نہ صرف پاکستان کی فوجی قیادت کی حکمت عملی کی ذہانت اور اسٹریٹجک بصیرت کو ظاہر کیا ہے بلکہ اس کے فوجیوں، فضائیہ کے ہوابازوں اور بحریہ کے اہلکاروں کی غیر معمولی پیشہ ورانہ مہارت، ناقابل تسخیر لچک اور قابل ذکر مطابقت کو بھی ظاہر کیا ہے۔ یہ پیچیدہ آپریشنز، جو انتہائی خطرناک حالات میں نفیس اور محتاط منصوبہ بندی اور حقیقی وقت کی درستگی کے ساتھ کیے گئے تھے، محض فوجی مصروفیت نہیں تھے بلکہ وہ اس نظریے کی طاقتور تصدیق تھیں کہ پاکستان کا دفاع فعال اور کثیر جہتی طاقت میں ہے جو زمینی، فضائی اور سمندری کارروائیوں کو بغیر کسی رکاوٹ کے مربوط کرتی ہے۔ معرکہ حق میں پاک فوج نے ایک جامع اور اچھی طرح سے مربوط اسٹریٹجک چال کو انجام دیا۔

انتہائی مشکل خطے اور سخت موسمی حالات میں کیے گئے معرکہ حق نے فوج کی بے مثال استقامت اور انٹیلیجنس برتری کو ثابت کیا، جس میں جدید نگرانی، درست ہدف بندی اور مربوط فوجی حکمت عملیوں کو تباہ کن اثر کے ساتھ استعمال کیا گیا۔ اس آپریشن نے اندرونی فسادیوں اور بیرونی غیر ملکی مفادات والے عناصر کو ایک واضح اور غیر مبہم اشارہ دیا کہ پاکستان کا عزم ناقابل شکست ہے۔ اسی طرح بنیان مرصوص بے عیب فضائی اور بحری ہم آہنگی کا ایک مساوی طور پر اہم مظاہرہ تھا۔ پاک فضائیہ نے اپنے جدید بیڑے اور جنگ میں ماہر پائلٹوں کے ساتھ درست حملے کیے جنہوں نے دشمن کے اہم ٹھکانوں اور کمانڈ سینٹرز کو غیر فعال کر دیا۔ یہ بے ترتیب جوابی کارروائیاں نہیں تھیں بلکہ یہ انتہائی مربوط، احتیاط سے منصوبہ بند اور انٹیلیجنس سے حمایت یافتہ آپریشنز تھے جن کا مقصد اہم قومی مفادات کو محفوظ بنانا تھا۔ پی اے ایف نے نہ صرف ہوا میں قابل ذکر چستی بلکہ ایک نفیس اسٹریٹجک نقطہ نظر بھی ظاہر کیا، جس میں جدید الیکٹرانک جنگی صلاحیتوں اور مربوط کمانڈ سسٹم کا استعمال کیا گیا تاکہ جنگ کے میدان پر غلبہ حاصل کیا جا سکے۔ دوسری طرف بحریہ نے آپریشن کے دوران اسٹریٹجک سمندری راہداریوں میں چوکسی اور طاقتور موجودگی برقرار رکھی، تجارتی راستوں کو محفوظ بنایا اور بین الاقوامی کارروائیوں کو ضروری لاجسٹیکل مدد فراہم کی۔ آبدوزوں، سطحی جہازوں اور سمندری گشتی طیاروں جیسے بحری اثاثوں نے ہم آہنگی کے ساتھ کام کیا، جس سے پاکستان کے سہ رخی انضمام کی طاقت میں مزید اضافہ ہوا۔

ان واضح اور فیصلہ کن فتوحات کا اثر پوری قوم میں گونج اٹھا ہے۔ کئی سالوں میں پہلی بار شہریوں میں ایک وسیع اور گہرا یقین کا احساس ہے کہ ان کے ملک کا دفاع واقعی قابل ہاتھوں میں ہے۔ اس نفسیاتی یقین دہانی، جو کسی کی مسلح افواج کو اس طرح کی درستگی، تحمل اور ضرورت پڑنے پر زبردست طاقت کے ساتھ جواب دیتے ہوئے دیکھنے سے حاصل ہوتی ہے، نے قومی جذبے کو گہرا حوصلہ دیا ہے۔ لاہور کی مصروف گلیوں سے لے کر سوات کے شاندار پہاڑوں اور گوادر کے ساحلی علاقوں تک ایک متحدہ اور مشترکہ یقین ہے کہ پاکستان کی خودمختاری محض خاردار تاروں اور بنکروں سے محفوظ نہیں ہے، بلکہ ان لوگوں کی مرضی، مہارت اور گہری قربانی سے محفوظ ہے جو وردی پہنے ہوئے ہیں۔ والدین اب زیادہ فخر کے ساتھ اپنے بچوں کو فوجی اکیڈمیوں میں بھیج رہے ہیں، نوجوان طالب علم حب الوطنی کے جوش و خروش کے ساتھ ان آپریشنز کی تاریخ کا مطالعہ کر رہے ہیں اور میڈیا کا منظرنامہ دلی خراج تحسین، بصیرت انگیز دستاویزی فلموں اور قومی ٹیک پر باخبر بحثوں سے گونج رہا ہے۔ یہ واقعات طاقتور قومی تصدیق بن چکے ہیں جو اٹوٹ طاقت، گہری جڑی ہوئی یکجہتی اور مستقبل کے لیے ایک واضح وژن کے بیانات سے بھرے ہیں۔ ملک کی قیادت، سول اور فوجی دونوں، نے ان لمحات کا استعمال دنیا کو یہ یاد دلانے کے لیے کیا ہے کہ پاکستان تنازعہ نہیں چاہتا لیکن یہ اپنی سیکورٹی پر کبھی سمجھوتہ بھی نہیں کرے گا۔ یہ یادگاری تقریبات ان لوگوں کی مقدس یادوں کو بھی عزت دیتی ہیں جنہوں نے ماضی کی لڑائیوں میں اپنی جانیں گنوائیں 1965 میں چاونڈہ میں ٹینکوں کی شدید لڑائیوں سے لے کر کارگل، سوات اور وزیرستان میں ہونے والے آپریشنز تک، جو ماضی کی بہادری کو حال کی آپریشنل شاندار کارکردگی کے ساتھ جوڑتی ہیں۔ یہ ہمت کا ایک طاقتور تسلسل ہے جو قوم کی فوجی روایت کا ایک اندرونی حصہ بن چکا ہے۔ مزید برآں، یہ قومی دن ایک نئی اور صحت مند شہری۔فوجی ہم آہنگی کو بھی فروغ دے رہے ہیں۔ ایک ایسے ملک میں جس نے اکثر اداروں کے درمیان بے اعتمادی پیدا کرنے کے لیے بیرونی غلط اطلاعات کی مہمات کا سامنا کیا ہے، حالیہ اور واضح کامیابیوں نے عوامی تاثر میں موجود خلیج کو پر کرنے میں مدد کی ہے۔ مسلح افواج کمیونٹی رسائی، آفات کے ردعمل اور قومی ترقی کے منصوبوں میں زیادہ مشغول ہو گئی ہیں اور یہ سب کچھ اپنی آپریشنل تیاری کو برقرار رکھتے ہوئے کر رہی ہیں۔ ان یادگاری دنوں پر بحری اڈوں تک عوامی رسائی، شاندار فضائی شوز اور بصیرت انگیز فوجی نمائشیں محض ہارڈویئر اور فائر پاور کا جشن منانے کے لیے نہیں ہوتیں بلکہ لوگوں اور ان کے محافظوں کے درمیان ایک جذباتی اور نفسیاتی اعتماد پیدا کرنے کے لیے ہوتی ہیں۔ دفاعی پیداوار میں خود انحصاری پر پاکستان کا بڑھتا ہوا اور گہرا زور بھی اس سال کے قومی فخر کے احساس کو فروغ دینے میں ایک بڑا کردار ادا کر چکا ہے۔ جے ایف-17 تھنڈر لڑاکا طیارے جیسے مقامی پروگرام، جدید میزائل سسٹم، بحری جدید کاری اور جدید ترین ڈرون نگرانی ٹیکنالوجی سب ہی مقامی صلاحیتوں میں برسوں کی اسٹریٹجک سرمایہ کاری کے تحت محنت سے حاصل کیے گئے نتائج ہیں۔ معرکہ حق اور بنیان مرصوص کے دوران حقیقی وقت کے آپریشنز میں ان مقامی اثاثوں کا کامیاب الحاق ان کوششوں کی ناقابل تردید طور پر توثیق کر چکا ہے اور ثابت کر چکا ہے کہ پاکستان اب صرف غیر ملکی دفاعی حصول پر انحصار نہیں کرتا۔ ایک جدید، خود انحصار اور ناقابل تسخیر پاک فوج کا طویل عرصے سے عزیز وژن اب ایک دور کا اور تجریدی خواب نہیں ہے بلکہ یہ ایک دکھائی دینے والی، ٹھوس اور آپریشنل حقیقت ہے۔

اس طرح اس سال کا یوم دفاع، یوم فضائیہ اور یوم بحریہ کا مشاہدہ محض کیلنڈر پر نشان زدہ تاریخوں کی ایک سادہ سی سیریز سے کہیں زیادہ ہے۔ یہ قومی فخر، آپریشنل کامیابی، اسٹریٹجک گہرائی اور عوامی اعتماد کا ایک طاقتور اور متحدہ اجتماع ہے۔ یہ یادگاری تقریبات 2025 میں شاید حالیہ تاریخ کے کسی بھی وقت سے زیادہ گونج رہی ہیں کیونکہ وہ صرف ماضی کی فتوحات کے بارے میں نہیں ہیں بلکہ وہ موجودہ طاقت اور مستقبل کی سیکورٹی کے لیے ایک واضح وژن کا طاقتور جشن ہیں۔ پاکستانی اب ایک نیا اور اٹوٹ یقین رکھتے ہیں کہ ان کا دفاع محفوظ اور قابل ہاتھوں میں ہے۔ قوم کی خودمختاری کے محافظوں نے زمین پر، فضاؤں میں اور سمندروں میں بار بار یہ ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف سرحدوں کے بلکہ امید، وقار اور پاکستان کی روح کے مستقل محافظ بھی ہیں۔

☆☆☆☆☆

تیس روپے اور انسانی جان

پروفیسر محمد ایاز کیانی

گزشتہ دنوں لاہور کے نواحی علاقے قصور میں دو بھائی ریڑھی والے سے پھل خرید رہے تھے کہ اس دوران پھل فروش اور دونوں بھائیوں کے درمیان میں محض تیس روپے کی وجہ سے تلخ کلامی اور تو تکار ہوئی جو بالآخر باہمی جھگڑے میں تبدیل ہو گئی۔ ریڑھی والے نے اپنے دوستوں کو مدد کے لیے بلایا۔ جنہوں نے آ کر بغیر کسی تحقیق و تفتیش کے پہلے ایک بھائی کے سر پر کرکٹ کا بلا دے مارا جس کی وجہ سے اس کا سر پھٹ گیا۔ جب دوسرا بھائی خون میں لت پت اپنے بھائی کا سر اپنی گود میں رکھے خون بند کرنے کی کوشش کر رہا تھا تو اسی دوران اس پر بھی حملہ کر کے اسے بھی شدید زد و کوب اور تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ چوٹیں اس قدر شدید تھیں کہ ایک بھائی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی جب کہ دوسرا اسپتال جا کر دم توڑ گیا۔ بعد ازاں حملہ آور بھی پولیس مقابلے میں ٹھکانے لگ گئے۔

مقام حیرت ہے کہ یہ واردات کسی دور دراز کچے یا پکے کے علاقے میں نہیں بلکہ ملک کے دل اور دوسرے بڑے شہر لاہور سے محض چند کلومیٹر کی دوری پر ہوئی۔ واقعے کا سب سے دلخراش اور تکلیف دہ پہلو واقعے کے وقت لوگوں کے ہجوم کا افسوسناک طرز عمل تھا جو حملہ آوروں کو روکنے کی بجائے ویڈیو بناتے رہے اور محض خاموش تماشائی کا کردار ادا کرتے رہے اگر ہجوم میں سے ایک دو لوگ بھی مداخلت کرتے تو حملہ آور ڈنڈوں اور کرکٹ کے بیٹ سے دونوں بھائیوں کو مار مار کر ہلاک نہ کر سکتے تھے۔

بدقسمتی سے یہ ایک ایسے معاشرے میں ہوا جو مسلمان معاشرہ اور سماج ہے۔ نبی مہربان صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق مسلمان ایک جسد واحد کی طرح ہیں۔ ایک کی تکلیف دوسرے کے لیے نظارہ کیسے ہو سکتی ہے؟ اس ہجوم کو اس صورتحال میں تماشائی کا کردار ادا کرنے کے بجائے بیچ بچاؤ کرنا چاہیے تھا تاکہ نوبت چار قیمتی انسانی جانوں کے نقصان تک نہ پہنچتی۔ یہ واقعہ ہماری اجتماعی بے حسی اور خود غرضی کی دلیل بھی ہے۔

قارئین کرام، یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں ہے ہمارے شہروں کی سڑکوں پر اس سے قبل بھی اس طرح کے ظالمانہ واقعات رونما ہو چکے ہیں کبھی بڑی گاڑی والے کو راستہ نہ دینے میں تاخیر پر کمزور کی شامت آتی ہے تو کبھی وی آئی پی موومنٹ اور پروٹوکول کے درمیان گھسنے کی جسارت کرنے والے کو مقام عبرت بنایا جاتا ہے۔ ایسے واقعات دراصل ہماری اجتماعی نفسیات کو بھی عیاں کرتے ہیں۔ بڑی گاڑیوں والے اور کھاتے پیتے لوگ باقی مخلوقات کو فالتو شے اور حقیر حشرات الارض سے زیادہ اہمیت نہیں دیتے یہ تفاخر اور گھمنڈ کبھی کبھی امیر گھرانوں میں کام کرنے والے غریب بچے بچیوں پر انسانیت سوز تشدد کی صورت میں بھی ظاہر ہوتا ہے دوسری طرف عدم برداشت بھی اس معاشرے میں نقطہ عروج پر ہے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ہمارے نتھنے پھول جاتے ہیں۔ منہ سے جھاگ بہنا شروع ہو جاتی ہے اور ہم فریق مخالف کو خون خوار نظروں سے دیکھنا شروع ہو جاتے ہیں اور اگر فریق مخالف تھوڑا کمزور ہے تو اسے نشان عبرت بنا کر دھرتی کو اس کے وجود سے پاک کرنا ضروری قرار پاتا ہے۔ قارئین، سوچنے کا مقام ہے کہ آخر یہ بچے بھی کسی کی امیدوں کا مرکز اور سہارا تھے کسی ماں کے لخت جگر اور بوڑھے ماں باپ کے بڑھاپے کا سہارا تھے جنہیں ہم نے موت کے گھاٹ اتار کر ساری انسانیت کو گویا قتل کر دیا۔ عمومی طور پر ان رویوں کے پیچھے عدم مساوات، قانون کی کمزور گرفت، تربیت کی کمی، حرص، لالچ اور انصاف کی عدم فراہمی یا غیر ضروری تاخیر کے ساتھ کئی دوسرے عوامل بھی شامل ہیں۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب اسی معاشرے سے اٹھ کر جب ہمارا کوئی فرد ترقی یافتہ دنیا میں جاتا ہے تو وہ وہاں پر اس طرح کی قانون شکنی کا سوچ بھی نہیں سکتا یہاں تک کہ عرب ممالک میں بھی عمومی طور پر ان رویوں کا عملی اظہار تقریباً ناممکن ہوتا ہے۔ اس لیے کہ وہاں پر اس طرح کی قانون شکنی کے بعد فرار کی راہیں مسدود ہو جاتی ہیں۔ قانون کی بے حرمتی کی یہ روش اگر اسی طرح جاری رہتی ہے تو ہمارا معاشرہ جو پہلے ہی سے ٹوٹ پھوٹ اور شکستگی کا شکار ہے مزید خلفشار اور انتشار کا شکار ہوتا رہے گا۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتی ایوانوں سے لے کر ایک ریڑھی بان تک ہر ایک قانون کی پاسداری اور احترام کرے اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں۔ انصاف فراہم کرنے والے ادارے انصاف کی آسان اور جلد فراہمی کو یقینی بنائیں نہ صرف مغربی ممالک کی کئی مثالیں ہمارے سامنے ہیں بلکہ ہمارے دین اسلام کی آفاقی تعلیمات بھی موجود ہیں کہ انصاف کی فوری اور ارزاں فراہمی کے بغیر کوئی معاشرہ اور قوم ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتی ہے۔ اگر ہم نے بحیثیت قوم ملک اور برسر اقتدار ارباب اختیار اس گھمبیر صورتحال پر فوری توجہ نہ دی تو خدانخواستہ ہمارا شمار افریقہ کے کسی قبائلی معاشرے کی طرح خانہ جنگی اور جنگ و جدل جیسا ہو جائے گا اور پھر خاکم بدہن بقول شاعر مشرق

نہ سمجھو گے تو مٹ جاؤ گے اے ہندوستاں والو
تمھاری داستاں بھی نہ ہو گی داستانوں میں

اس ملک میں صلاحیت اور درد دل کی کمی نہیں ہے مگر درد دل سے عاری صاحبان اختیار اس درد و کرب کا مداوا نہیں کر سکتے ہیں۔

قانون سب کے لیے اور بلا تفریق ہو اور اس پر عمل درآمد کر کے ہم ایک مثالی اور ترقی یافتہ معاشرے میں ڈھل سکتے ہیں۔ احمد ندیم قاسمی یہی آرزو لیے تہہ خاک سو گئے۔

خدا کرے کہ مری ارض پاک پر اترے
وہ فصل گل جسے اندیشۂ زوال نہ ہو

☆☆☆☆

سیرت کمیٹی کا پیغام: میلاد منائیے، سیرت اپنائیے

مہمان کالم
صاحبزادہ فدا الرسول ندیم

اس مرتبہ ماہ نور کی آمد سے قبل ہی عشاقانِ مصطفیٰ ﷺ کی فرحت و شادمانی دیدنی ہے۔ ہوتا تو یہ ہمیشہ سے ہے، لیکن اس بار موقع ہی کچھ اور ہے، کیونکہ نبی رحمت ﷺ کا چندرہ سو سالہ جشن ولادت قریب ہے۔ اور کیوں نہ ہو؟ جان ہیں وہ، جہاں کی جان ہیں تو جہاں ہے۔ ہمارا ضلع مظفرآباد میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے اپنی جداگانہ پہچان رکھتا ہے۔ یہاں میلاد کی جملہ تیاریاں حکومتی، انتظامی اور عوامی سطح پر تو ہوتی ہی ہیں، لیکن ان جذبات کو جلا بخشنے کا سہرا مرکزی سیرت کمیٹی کے سر ہے۔ ابھی ربیع النور شریف کی آمد بھی نہیں ہوئی تھی کہ گلی گلی، بستی بستی اور قریہ قریہ یہ صدائیں بلند ہونا شروع ہو گئیں کہ اس بار چندرہ سو سالہ جشن ولادت ﷺ کو نرالے اور منفرد انداز میں منانا ہے۔ یہ کاوشیں کسی خاص دائرے تک محدود نہیں رہیں بلکہ سوشل میڈیا کی روزانہ کی سرگرمیوں سے اس کی وسعت کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے، کہ یہ سفیرانِ عشقِ رسول ﷺ کبھی ایک علاقے میں ہوتے ہیں، کبھی کسی اور بستی میں۔ نہ راستے کی سختیاں ان کے عزم کو متزلزل کر سکیں اور نہ مسلسل سفر ان جذبات کو کم کر سکے۔ ان کے نزدیک قریب و بعید سب یکساں ہیں۔ مختلف علاقوں کے عمائدین و زعماء تک پہنچ کر میلاد النبی ﷺ کے اہداف دینا اور مرکزی پروگرام وریلی کے لیے رہنمائی کرنا ہی ان کا مشن ہے۔ الحمدللہ! سیرت کمیٹی کے یہ احباب صرف میلاد منانے کا شعور نہیں دے رہے بلکہ ان کا سلوگن ہے: "میلاد منائیے، سیرت اپنائیے"۔ اسی کے تحت سنتِ رسول ﷺ کو اپناتے ہوئے گلی کوچوں اور قبرستانوں کی صفائی کی جا رہی ہے، راستے پختہ کیے جا رہے ہیں، اور حدیثِ مبارکہ "وإماطة الأذى عن الطريق صدقة" پر عمل پیرا ہو کر راہگیروں کے لیے آسانیاں پیدا کی جا رہی ہیں۔ خدمتِ خلق کے جذبے کے تحت متاثرین کلاؤڈ برسٹ کے شانہ بشانہ دکھائی دینا اور ان کے زخموں کا مداوا کرنا بھی انہی کا طرۂ امتیاز ہے۔ سوشل میڈیا نے ہمیں رشتہ داروں سے دور اور اجنبیوں سے قریب کر دیا ہے، حالانکہ سیرت نبوی ﷺ اس کے برعکس رشتہ داروں سے تعلق جوڑنے کی تعلیم دیتی ہے یہ حضرات ساتھ یہ پیغام بھی دے رہے ہیں کہ اس منفرد میلاد پر باہمی عداوتیں، رنجشیں اور فسادات کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں محبتیں بانٹتے ہوئے اسوۂ رسول ﷺ پر عمل پیرا ہوں۔ سوشل میڈیا کی وجہ سے اب ہم ایک گلوبل ویلج کی حیثیت اختیار کر چکے ہیں فاصلے سمٹ چکے ہیں بلا مبالغہ جس طرح سیرت کمیٹی کے ذمہ داران شب و روز لحظہ بہ لحظہ مصروف عمل ہیں اس لگن و وارفتگی سے شاید ہی کوئی اور ہو، اللہ تعالیٰ ان کی کاوشوں کو قبول فرمائے۔ یقیناً بعض افراد میلاد کے پروگرام کو فیسٹیول سمجھ کر غیر شرعی حرکات کر بیٹھتے ہیں، لیکن ان کا تعلق ان لوگوں سے ہے جو علماء اور علم دین سے کوسوں دور ہیں۔ ہماری کاوشیں نہ ریاکاری ہیں نہ رسم و رواج کا حصہ، بلکہ یہ عشق، محبت اور عقیدت کا اظہار ہیں۔ کیا چند افراد کے ذاتی افعال دیکھ کر پورے عمل کو خبیث و بے کار قرار دینا مناسب ہے؟ ہمارا تو عقیدہ وہی ہے جسے اقبال رحمہ اللہ نے یوں بیان کیا ہے:

ہو نہ یہ پھول تو بلبل کا ترنم بھی نہ ہو
چمن دہر میں کلیوں کا تبسم بھی نہ ہو
یہ نہ ساقی ہو تو پھر مے بھی نہ ہو خم بھی نہ ہو
بزم توحید بھی دنیا میں نہ ہو، تم بھی نہ ہو
نبض ہستی تپش آمادہ اسی نام سے ہے

لہٰذا اپنے جذبات و احساسات کا اظہار شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے کیجیے۔

الحمدللہ! عاشقانِ مصطفیٰ ﷺ ہمیشہ سے حضور ﷺ کے یوم ولادت کو عقیدت و احترام اور جوش و جذبے کے ساتھ مناتے آئے ہیں۔ یہ ہمارا ایمان ہے، ہماری محبت ہے اور ہماری زندگی کا سب سے بڑا سرمایہ ہے۔ اس بار چونکہ ہماری زندگی میں ہی رحمت ﷺ کا چندرہ سو سالہ جشن ولادت آ رہا ہے، اس لیے ہمیں اسے شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے منفرد اور بامقصد انداز سے منانا ہوگا تاکہ اپنے بھی اور پرائے بھی یک زبان ہو کر کہہ اٹھیں: "جشن ولادت مبارک ہو"۔ آخر میں چند قابل عمل گزارشات ہیں! 1. بدقسمتی سے ہم مجموعی طور پر سیرت النبی ﷺ سے آگاہ نہیں۔ کوشش کریں کہ جیسے ہم مساجد، اداروں اور گھروں کو سجاتے ہیں ویسے ہی سیرت کارنر سجائیں جس میں بچوں اور بڑوں کے لیے سیرت النبی ﷺ کی کتب موجود ہوں۔ روزانہ آدھا گھنٹہ ان کا مطالعہ کریں اور بچوں کو بھی پابند کریں۔ 2. 12 روزہ یا 30 روزہ پروگرام ترتیب دیں جس میں سیرت نبوی ﷺ کو عہد بہ عہد بیان کیا جائے، اور کم از کم ایک سیرت کی کتاب کا مکمل مطالعہ کیا جائے۔ 3. گھروں میں روزانہ کم از کم چندرہ منٹ کی درود شریف کی محفل قائم کریں جس میں سارے فیملی ممبران شریک ہوں۔ 4. گلی کوچوں، بازاروں اور گھروں کو چراغاں اور سجاوٹ سے مزین کریں۔ جبریل امین علیہ السلام کی سنت پر عمل کرتے ہوئے جھنڈے لہرائیں۔ 5. نماز کی پابندی کریں اور قرآن مجید سے ربط قائم کریں۔ تلاوت اور قرآن فہمی کا اہتمام کریں۔ ان اعمال کے اثرات یہ ہوں گے کہ جب بارہ ربیع الاول کو مرکزی پروگرام میں شریک ہوں تو: سفید لباس زیب تن ہو، لبوں پر درود و سلام سجے ہوں، عمل و کردار اور گفتگو سے سیرت النبی ﷺ جھلک رہی ہو، دل بغض، کینہ اور حسد جیسی بیماریوں سے پاک ہوں۔ یاد رکھیے! ہم نبی کریم ﷺ کی امت ہیں، ہمیں خوشیاں منانے کے ساتھ ساتھ ان کے مشن کو زندہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ میلاد کا سب سے عظیم جشن یہی ہوگا کہ ہم اس ذات مقدس کے نام پر اپنا کردار، نظام اور فکر بدل دیں۔ اپنا تعلق کریم آقا ﷺ سے استوار کیجیے، یہی تمام لسانی، مذہبی اور مسلکی اختلافات کو مٹا دے گا۔ آپ ﷺ سے منسوب ہر نسبت کا احترام کیجیے، یہی راہ اعتدال، فوز و فلاح کا سبب ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس ربیع الانور شریف کو شایانِ شان انداز سے منانے کی توفیق عطا فرمائے۔

1500 سالہ جشن عید میلاد النبی ﷺ ۔۔۔2025ء

سیّد زاہد حسین نعیمی

ربیع الاول:

اسلامی سال کا وہ عظیم الشان ماہ مقدسہ جو ربیع الاول کے نام سے جانا جاتا ہے۔ ربیع کو موسم بہار کہا گیا ہے۔ موسم بہار میں شجر و گلستان کو نئی زندگی ملتی ہے۔ زمین پر ہریالی ہوتی ہے، درختوں کی کونپلیں پھوٹتی ہیں، پھول کھلتے ہیں، پھل لگتے ہیں۔ لیکن اس کا ایک پہلو یہ بھی تھا کہ اللہ تعالیٰ نے مردہ انسانیت، مردہ قلوب، مردہ تہذیب، مردہ معاشرت کو پوری روئے زمین پر پھر سے زندگی کی بہاریں عطا فرمانا تھیں، جو تاریکی میں ڈوبی ہوئی تھیں۔

جی ہاں! ربیع الاول میں بہار آئی، بہار آئی..... زندگی میں بہار آئی..... دماغوں میں بہار آئی، دلوں میں بہار آئی، روحوں میں بہار آئی، عقل و خرد میں بہار آئی۔ ظاہری اور باطنی دونوں طور پر بہار آئی اور ربیع الاول شریف کو یہ نام صدیوں پہلے ملا تھا، جس نے کائنات کی کایا پلٹنا تھی۔ اس پاک ہستی نے اسی ماہ مقدسہ میں آنا تھا۔ اس ۱۲ ربیع الاول کو وہ رحمت العالمین تشریف لائے تو ربیع الاول شریف کو رشک آ گیا کہ ربیع الاول کو حقیقی معنی مل گئے اور اب قیامت تک اس ماہ مقدس کو جو شان و احترام اور عظمت ملی۔ وہ کسی اور کے حصہ میں نہ آئی۔

۱۲ ربیع الاول:

ربیع الاول کے ماہ مقدسہ میں ۱۲ ربیع الاول ہی وہ عظیم الشان تاریخ تھی جس نے زمانے کی تاریخ بدل دی، صدیوں سے جس کا مخلوق خدا کو انتظار تھا۔ اہل کتاب جن کے منتظر تھے۔ آج وہ رحمت العالمین ابر کرم بن کر تشریف لائے۔ آج وہ نور خدا تشریف لائے جن کی آمد سے شرق و غرب روشن ہو گئے۔ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں:

"مجھ سے ایک نور خارج ہوا میرا کمرہ روشن ہو گیا اور میں نے شام کے محلات دیکھ لئے ہیں"۔ (کتب سیرت)

کائنات روشن کیوں نہ ہوتی کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

قدجاء کم من اللہ نور و کتاب مبین۔ (القرآن)

ترجمہ: بے شک تمہارے پاس اللہ کا نور یعنی محمد ﷺ تشریف لائے اور کتاب مبین۔

اس نور خداوندی نے شرق و غرب، جنوب و شمال، شام و سحر، لیل و نہار، جنگل و صحرا، عرب و عجم ہی کو روشن نہ کیا بلکہ بھٹکی ہوئی انسانیت کو راہ راست پر لگایا۔ قلب و اذہان، جسم و روح کو بھی روشن کر دیا۔ ایسا روشن کیا کہ جہالت کے گھٹا ٹوپ اندھیروں میں بھٹکنے والے دنیا کے رہنما بنے۔ بتوں کے پجاری خدا پرست ہو گئے۔ ایک دوسرے کے خون کے پیاسے بھائی بھائی بن گئے۔ بد دیانت دیانتدار، بد اخلاق با اخلاق، بے دین دیندار، بے وفا باوفا، راہزن راہبر و رہنما بن گئے۔

۱۲ ربیع الاول شریف کے مبارک دن جناب عبداللہ کا در یتیم آیا، یتیم بن کر یتیموں کی کفالت کرنے والا، بے سہاروں کو سہارا دینے والا، مظلوموں کی داد رسی کرنے والا، زندہ درگور ہونے والی بچیوں کو نئی زندگی دینے والا، بیواؤں کی مدد کرنے والا، بوڑھے والدین کا دکھ اٹھانے والا اور والد کو جنت کا دروازہ بتانے والا، والدہ کو عظمت دینے والا اور اس کے قدموں میں جنت رکھنے والا، بہن اور بیٹی کو وراثت دینے والا، مظلوم کو نجات دینے والا، غریب کو سود کے بوجھ سے نکالنے والا، غرضیکہ سسکتی ہوئی انسانیت کو عروج انسانیت تک پہنچانے والا تشریف لایا، اس مبارک ساعت کے متعلق پھر کیوں یہ کہا جائے

۱۵۰۰ سالہ جشن میلاد:

۱۲ ربیع الاول ۱۴۴۷ھ ۲۰۲۵ء کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ یہ ۱۵۰۰ سالہ ۱۲ ربیع الاول شریف ہے، اس کائنات ارض و سماء میں آپ ﷺ کو تشریف لائے ۱۵۰۰ سال مکمل ہو چکے ہیں۔ آئندہ جب ۱۶۰۰ سال مکمل ہوں گے تو دنیا میں کون زندہ رہے گا؟ اس لئے افراد امت محمد ﷺ بڑے خوش قسمت ہیں جن کی زندگی میں یہ ۱۵۰۰ سالہ جشن میلاد النبی ﷺ آیا، اس لئے اسے پورے تزک و احتشام اور پوری عقیدت و احترام سے منانا اہل ایمان کا فرض بھی ہے اور ان کے ذمہ نبی کریم ﷺ کا قرض بھی ہے کہ اہل ایمان پر اللہ تعالیٰ کا احسان ہوا کہ اس نے اپنا محبوب رسول ﷺ کو رشد و ہدایت کے لئے بھٹکی ہوئی انسانیت کے لئے بھیجا اور خاص اہل ایمان پر کرم ہوا۔ چنانچہ ارشاد ہوا:

"البتہ تحقیق کہ اللہ تعالیٰ نے مومنوں پر احسان کیا کہ ان میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا جو ان میں ہماری آیات تلاوت کرتا ہے۔ وہ انہیں پاک وصاف کرتا ہے، وہ انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔ بے شک وہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے"۔ (القرآن)

اس لئے ۱۲ ربیع الاول کو اس کی شان کے مطابق منا کر اپنے فرض اور اس قرض کی ادائیگی کو پورا کریں، خوشی کا اظہار کریں۔ گھروں، محلوں، گلیوں، بازاروں، شہروں، دیہاتوں، دکانوں، عمارتوں کو سجائیں، چراغاں کریں، جھنڈیاں لگائیں، جھنڈے لہرائیں، خدا کی عبادت کریں، درود و سلام کے نذرانے پیش کریں۔ لنگر تقسیم کریں، غریب غرباء، بیواؤں، یتیموں، بے سہاروں، ضرورت مندوں کی مدد کریں۔ رسول اللہ ﷺ کی میلاد منائیں اور سیرت پر عمل کریں۔ یہی صحیح معنوں میں محبت رسول و عشق رسول ﷺ کا تقاضا ہے اور میلاد النبی ﷺ کا پیغام بھی۔

میلاد النبی ﷺ اور ختم نبوت:

نبی کریم ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی و رسول ہیں۔ آپ ﷺ دعائے حضرت خلیل اور بشارت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔ (حدیث شریف)

آپ ﷺ کی ولادت کے ساتھ ہی آپ ﷺ کی ختم نبوت کی شہرت ہو گئی تھی۔ احادیث مبارکہ ہے:

"آپ ﷺ کی ولادت جس شب ہوئی ایک یہودی جو مکہ مکرمہ میں آیا ہوا تھا، اس نے اہل قریش کو بتایا تھا کہ اس امت کے نبی نے پیدا ہونا تھا، اس کے دونوں شانوں کے درمیان ایک نشانی مہر نبوت ہے۔ وہ آج کی رات پیدا ہو چکا ہے..... پھر اسی یہودی نے جب آپ ﷺ کے دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت دیکھی تو بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ پھر جب ہوش میں آیا تو اس نے اہل قریش سے کہا بنی اسرائیل سے نبوت رخصت ہو چکی ہے"۔ (خصائص الکبریٰ، جلد اول، صفحہ ۱۲۸)

ابو نعیم نے زیاد بن لبیدؓ کی روایت بیان کی ہے۔ کہ وہ مدینہ منورہ کے ایک ٹیلے پر تھے کہ یہ آواز سنی۔ "اے اہل یثرب! اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کا (سلسلہ) نبوت ختم کر دیا۔ یہ ستارا بوقت ولادت احمد (مجتبیٰ) طلوع ہوا ہے، جو تمام انبیاء میں آخری نبی ہیں اور ان کی ہجرت یثرب (مدینہ طیبہ) کی طرف ہو گی"۔ (میلاد النبی بزبان مصطفیٰ، صفحہ ۱۷۳)

قادیانی فتنہ:

نبی کریم ﷺ کی ظاہری حیات طیبہ میں ہی فتنہ انکار ختم نبوت نے جنم لے لیا تھا۔ مسیلمہ کذاب اور چند ایک اور بد بخت اپنی جھوٹی نبوتوں کا دعویٰ کر چکے تھے، جن کی سرکوبی دور رسالت اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور خلافت میں ہو چکی تھی۔ تیس جھوٹے مدعیان نبوت کی خبر نبی کریم ﷺ نے دی تھی۔ برصغیر میں مرزا قادیانی ہے۔ ۱۸۹۱ء میں پہلے مسیح موعود اور پھر ۱۹۰۰ء میں اپنی جھوٹی نبوت کا دعویٰ کیا۔ اس دور کے علماء و مشائخ نے اس بدبخت کا تعاقب کیا اور کیفر کردار تک پہنچایا۔

یوم فتح مبین:

مرزا قادیانی نے برصغیر کے علماء و مشائخ کو مناظرہ مباہلہ کا چیلنج دیا اور براہ راست پیر سید مہر علی شاہ گیلانی کو مخاطب کر کے چیلنج دیا۔ آپ نے اس کے چیلنج کو قبول کرتے ہوئے لاہور کا سفر اختیار کیا۔ ۲۵ اگست ۱۹۰۰ء کی تاریخ مرزا قادیانی نے لاہور میں خود مقرر کی تھی۔ پیر سید مہر علی شاہ گیلانی گولڑوی مقررہ تاریخ اور وقت پر پہنچ چکے تھے لیکن انتظار کے باوجود مرزا قادیانی آپ کے مقابلہ میں نہ آیا اور یوں مرزا قادیانی نے راہ فرار اختیار کر لی۔ یوں ۲۵ اگست ۱۹۰۰ء "یوم فتح مبین" کے طور پر منایا گیا جسے ۲۵ اگست ۲۰۲۵ء کو ۱۲۵ سال مکمل ہو گئے ہیں۔

قرارداد ختم نبوت:

قادیانیوں کی پاکستان میں بڑھتی ہوئی منفی سرگرمیوں اور مسلمانان پاکستان پر کی گئی زیادتیوں کے باعث ۱۹۵۳ء اور پھر ۱۹۷۴ء تحریکات میں ختم نبوت چلیں جس کے نتیجے میں ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء کو پاکستان کی قومی اسمبلی نے بالاتفاق قادیانیوں کو کافر قرار دے کر ملت اسلامیہ سے خارج کر دیا۔ سال ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء کی قرارداد ختم نبوت کی منظوری پر ہر سال یہ دن ۷ ستمبر کو منایا جاتا ہے۔ اس قرارداد کو منظور ہوئے ۷ ستمبر ۲۰۲۴ء کو پچاس سال مکمل ہو چکے ہیں۔ یوں سال ۲۰۲۴ء کو "گولڈن جوبلی" کے طور پر منایا گیا۔

حسن اتفاق یا مشیت ایزدی:

۱۲ ربیع الاول ۱۴۴۷ھ، ۶ ستمبر ۲۰۲۵ء بروز ہفتہ ہے، جسے "۱۵۰۰ سالہ جشن میلاد" کے طور پر پورے عالم میں منایا جا رہا ہے۔ یہ حسن اتفاق ہے یا مشیت ایزدی ہے کہ یوم فتح مبین ۲۵ اگست ۲۰۲۵ء کو مکمل ہوئے ۱۲۵ سال ہو گئے ہیں۔ ۷ ستمبر ۲۰۲۵ء کو قرارداد ختم نبوت کی منظوری کو ۵۰ سال سے بھی ایک سال زائد ۵۱ سال ہوئے، جبکہ اس سے ایک دن قبل ۶ ستمبر ۲۰۲۵ء، ۱۲ ربیع الاول شریف کو ۱۵۰۰ء مکمل ہوئے یوں ۲۰۲۵ء کو خاص اعزاز حاصل ہے کہ "ولادت نبوی" بطور "ختم نبوت" کے طور پر منائی جائے گی۔ امت مسلمہ کو بالعموم اور مسلمانان پاکستان کو بالخصوص یہ اعزاز حاصل ہوا جو ان کی زندگی میں آئندہ کبھی نہیں آ سکتا۔ ۲۰۲۵ء میں ان ایام کا یکے بعد دیگرے ایک ہی وقت میں اکٹھا ہونا حسن اتفاق ہے یا پھر مشیت ایزدی ہے کہ ولادت باسعادت کے موقع پر "ختم نبوت" کے ڈنکے بھی بج رہے ہیں۔ ۱۵۰۰ سال جشن میلاد النبی ﷺ بھی منایا جا رہا ہے۔

اظہار تشکر:

۱۵۰۰ سالہ جشن میلاد کو شایان شان طریقے سے منانے کے لئے حکومت پاکستان، حکومت آزاد کشمیر نے خصوصی احکامات و قراردادیں پاس کیں ہیں۔ پورے اعزاز کے ساتھ میلاد شریف کے پروگرامات کیے جا رہے ہیں۔ عالم اسلام بھی بالخصوص، او آئی سی کے اجلاس ریاض سعودی عرب میں ہوا، جس میں بعد اعلامیہ جاری کیا گیا کہ عالم اسلام ۱۵۰۰ سالہ جشن میلاد النبی ﷺ پورے تزک و احتشام سے منائے۔ اس لئے اس موقع پر اہل ایمان پوری دنیا میں اظہار تشکر کرتے ہیں۔ کیوں نہ کریں کہ آج ۱۴۴۷ھ میں پوری دنیا میں جو مسلمان زندہ ہیں، سو سال پہلے یعنی ۱۳۴۷ھ میں نہ تھے اور آئندہ سو سال بعد یعنی ۱۵۴۷ھ میں زندہ نہ ہوں گے۔ یہ سعادت اور اعزاز دور حاضر کے مسلمان کو حاصل ہوا کہ انہوں نے اپنی زندگی میں ۱۲ ربیع الاول ۱۴۴۷ھ پایا اور یوں اپنے نبی ﷺ کی ولادت کے ۱۵۰۰ سال مکمل ہونے پر خوشی و مسرت کا اظہار کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اہل ایمان کو اپنے آقا و مولا حضرت محمد ﷺ کی سچی محبت اور آپ ﷺ کی سیرت پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین

کالا باغ ڈیم: اک خواب جو سیاست کی نذر ہو گیا

صدا بصحرا


رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کالا باغ ڈیم بنانے کی حمایت کر کے سیاسی حلقوں میں ہلچل مچا دی ہے۔ جہاں مسلم لیگ ن کو ان کے اس اعلان سے مسرت بھری حیرت ہوئی وہیں پرانے اے این پی اور پیپلز پارٹی حسب روایت اس کی مخالفت میں خم ٹھونک کر میدان میں آ گئیں۔ انہوں نے ایک مرتبہ پھر اپنی سیاست پر ملکی مفاد کو قربان کرنے کی روایت برقرار رکھی۔ ابھی علی امین گنڈاپور کے بیان کی بازگشت بھی ختم نہ ہوئی تھی کہ پی ٹی آئی کے سرکردہ رہنما اور سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کا بیان سامنے آ گیا کہ کالا باغ ڈیم پر علی امین گنڈاپور کا بیان ان کی ذاتی رائے ہے۔ یہ پارٹی موقف نہیں ہے۔ اس کا مطلب آسان لفظوں میں یہی ہے کہ پی ٹی آئی کالا باغ ڈیم بننے کی مخالف ہے۔ اس کی وجہ یہی سمجھ میں آتی ہے کہ پی ٹی آئی نے خیبر پختونخوا میں اپنی مقبولیت اور ووٹ بینک بچانے کے لیے یہ موقف اپنایا ہے جس طرح چند ماہ پہلے پاکستان پیپلز پارٹی نے چولستان کی بنجر زمینوں کو سیراب کرنے کے لیے نہریں بنانے کی حمایت کرنے کے بعد سندھی قوم پرست جماعتوں کی تحریک سے بوکھلا کر اپنی سیاست بچانے کے لیے یوٹرن لے لیا تھا۔ ملکی مفاد جائے بھاڑ میں، سیاست بچانا ضروری سمجھا گیا۔

حقیقت میں کالا باغ ڈیم ایک ایسا منصوبہ ہے جو پاکستان کی معیشت، زراعت اور توانائی کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت ثابت ہو سکتا تھا مگر صوبائی اختلافات اور سیاسی ضد نے اسے ایک ادھورا خواب بنا دیا ہے۔

پاکستان کا یہ بہت بڑا المیہ ہے کہ ہم اپنے مسائل سے بخوبی آگاہ بھی ہیں اور ان کا حل بھی ہمارے سامنے ہوتا ہے مگر جب عمل کرنے کا وقت آتا ہے تو ان کے حل میں سیاست آڑے آ جاتی ہے یا صوبائی تعصب رکاوٹ بن جاتا ہے۔ کالا باغ ڈیم اس کی جیتی جاگتی مثال ہے۔ نصف صدی گزر گئی۔ ہمارا پانی کم ہوتا گیا، بجلی ناقابل برداشت حد تک مہنگی ہوتی گئی، سیلاب ہر سال آ آ کر ملک میں تباہی مچاتے رہے لیکن کالا باغ ڈیم سیاست دانوں کی تقریروں اور کاغذی کارروائیوں سے آگے نہ بڑھ سکا۔

اگر کالا باغ ڈیم بن جاتا تو ہمیں 3600 میگاواٹ سستی بجلی، لاکھوں ایکڑ کی سیرابی، سیلاب پر قابو اور زرعی خوشحالی جیسے فوائد حاصل ہوتے۔ یہ سب ایسے خواب تھے جو حقیقت بن سکتے تھے لیکن افسوس کہ یہ سب خواب سیاست اور صوبائی تعصب کی بھینٹ چڑھ گئے۔

خیبر پختونخوا کہتا ہے کہ نوشہرہ ڈوب جائے گا، سندھ کو اپنے پانی چھن جانے کا ڈر ہے، بلوچستان کا موقف ہے کہ ہمیں پہلے تعمیر کردہ ڈیموں سے کچھ نہیں ملا، اب بھی کچھ نہیں ملے گا لہٰذا ہم بے سود حمایت کیوں کریں۔ تینوں صوبوں کو اعتراض ہے کہ اس کا کہ اس ڈیم کا فائدہ پنجاب اٹھائے گا۔ اس سوچ کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ وہ منصوبہ جو قومی یکجہتی کی علامت بن سکتا تھا، وہ صوبائی اختلافات کی نذر ہو گیا۔

کس قدر بدنصیبی کی بات ہے کہ ہمارے سیاست دانوں نے بھی کالا باغ ڈیم کو محض اپنی تقریروں کا ایندھن ہی بنایا۔ علی امین گنڈاپور اور اسد قیصر کے موقف میں تضاد دیکھ لیجیے۔ ملک سے باہر بیٹھے مونس الٰہی بھی ہر چند روز بعد کالا باغ ڈیم کی حمایت میں توپ داغ دیتے ہیں جبکہ گزشتہ پنتالیس سال میں پنجاب کے بجٹ میں کالا باغ ڈیم کی تعمیر کے لیے جو ہر سال رقم مختص کی جاتی تھی 2021 کے بجٹ میں مونس کے والد محترم اس وقت کے وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی نے وہ سلسلہ ہی ختم کر دیا تھا۔ کسی نے بھی سنجیدگی سے یہ سوچنے کی زحمت ہی نہیں کی کہ پانی کے بغیر زراعت نہیں، زراعت کے بغیر معیشت نہیں اور معیشت کے بغیر ملک کھڑا نہیں ہو سکتا۔ سب نے اپنی اپنی ڈفلی بجا کر اپنا راگ سنایا، قومی ضرورت کا احساس کسی کو نہ ہوا۔

آج پاکستان پانی کی کمی کے حوالے سے دنیا کے دس بڑے خطرناک ممالک میں شامل ہے۔ جی ہاں! وہ پاکستان جو اس وقت پانی میں ڈوب رہا ہے زیر زمین پانی کی انتہائی کمی کا شکار ہے۔ یہ کتنی بدقسمتی ہے کہ ہر سال اربوں روپے کے نقصان والے سیلاب والے پانی کو ہم اپنی عاقبت نااندیشی سے ضائع کر دیتے ہیں۔ آخر ہم کب یہ حقیقت سمجھیں گے کہ کالا باغ ڈیم صرف پنجاب

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں ......(ادارہ)